★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

# روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 25 جمادی الثانی 1446ھ 28 دسمبر 2024ء 10 پوہ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 73

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

## افغان حکومت اپنی سرزمین سے ٹی ٹی پی کی کارروائیاں روکے، وزیراعظم

### افغانستان سے پاکستان پر حملے ناقابل قبول ہیں یہ ہمارے لئے ریڈ لائن ہیں وزیراعظم شہباز شریف

### ایک طرف تعلقات بڑھانے کی خواہش کا اظہار، دوسری طرف ٹی ٹی پی کو کھلی چھٹی اور افغانستان سے پاکستان پر حملے بہ دوعملی قبول نہیں، کابینہ جلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایک بار پھر افغان حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی سرزمین سے کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی کارروائیاں روکے، ایک طرف تعلقات بڑھانے کی خواہش کا اظہار اور دوسری طرف ٹی ٹی پی کو کھلی چھٹی اور افغانستان سے پاکستان پر حملے بہ دوعملی قبول نہیں، ہم پاکستان کی سالمیت کے تقاضوں کا پورا طرح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ وبائی امراض سے تحفظ کے لیے احتیاطی تدابیر پر عمل درآمد ضروری ہے۔ وبا سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

## وبائی امراض سے تحفظ کیلئے احتیاطی تدابیر پر عمل ضروری ہے، وزیراعظم

### وبا سے بچاؤ کی تیاری کے عالمی دن پر وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام جاری

بچاؤ کی تیاری کے عالمی دن پر وزیراعظم نے اپنے پیغام میں کہا کہ کورونا نے صحت اور بہبود کے

## شہید بے نظیر بھٹو پاکستانی خواتین کے لیے جرات اور ہمت کا استعارہ ہیں، مریم نواز شریف

### وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا پہلی خاتون وزیراعظم بینظیر بھٹو کے یوم شہادت پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پہلی خاتون وزیراعظم بینظیر بھٹو کے یوم شہادت پر پیغام میں کہا ہے کہ شہید بے نظیر بھٹو پاکستانی خواتین کے لیے جرات اور ہمت کا استعارہ ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## دخترِ مشرق، سابق وزیراعظم بے نظیر بھٹو کو بچھڑے 17 سال بیت گئے

### پیپلز پارٹی کم وبیش تین بار اقتدار میں رہی مگر آج تک بے نظیر بھٹو کے قتل کے بارے میں پورا سچ عوام تک پہنچ سکا

کراچی (این این آئی) دخترِ مشرق، سابق وزیر اعظم بے نظیر بھٹوکی شہادت کو 17 سال گزر گئے۔ اس دوران پیپلز پارٹی کم وبیش تین بار اقتدار میں رہی مگر آج تک بے نظیر بھٹو کے قتل کے بارے میں پورا سچ عوام تک نہیں پہنچ سکا۔ 27 دسمبر 2007 کی شام جب بے نظیر بھٹو لیاقت باغ راولپنڈی میں جلسے سے خطاب کرکے واپس روانہ ہوئیں تو پہلے گولی چلی پھر دھماکا ہوا اور فائرنگ کے نتیجے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

## روان سال 59 ہزار 775 آپریشنز کیے گئے، خوارج سمیت 925 دہشت گردوں کو واصل جہنم کیا گیا، دشمن کے نیٹ ورک پکڑنے اور دشمنوں کو کیفر کردار تک پہنچانے میں اہم کامیابیاں ملیں، ترجمان پاک فوج

# 9 مئی کے منصوبہ سازوں کو سزاؤں تک انصاف مکمل نہیں ہوگا

9 مئی افواج پاکستان نہیں عوام کا مقدمہ ہے، قانون کے مطابق 9 مئی کے زیر اثر است مجرموں کو سزائیں دینے کا عمل مکمل ہو چکا ہے، لوگوں کو سمجھ آ رہی ہے کہ جھوٹے بیانیے کے پیچھے کون ہے

بار بار نشاندہی کے باوجود افغانستان کی سرزمین سے فتنہ الخوارج اور دیگر دہشتگرد مسلسل پاکستان میں دہشت گردی کرتے آ رہے ہیں، پاکستان اپنے شہریوں کی سلامتی کے لیے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھے گا، ترجمان پاک فوج

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ 9 مئی کے منصوبہ سازوں کو سزاؤں تک انصاف کا عمل مکمل نہیں ہوگا، 26 نومبر 2024 سے سازش 9 مئی 2023 کا تسلسل ہے، نومبر کی سازش کے پیچھے سیاسی دہشتگردوں کی سوچ ہے۔ راولپنڈی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف طویل جنگ لڑی ہے، رواں سال 59 ہزار 775 کامیاب آپریشنز کے گئے، سیکیورٹی فورسز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9



وزیر داخلہ محسن نقوی نئے تعمیر ہونے والے سیکٹر I-14 کا دورہ کر رہے ہیں

## مریم نواز دور حکومت میں کسانوں کیلئے منصوبوں کا ریکارڈ قائم

### کسان کارڈ، گرین ٹریکٹرز، سپر سیڈ رز، زرعی گریجویٹ انٹرن شپ پروگرام، ماڈل ایگریکلچر مال، زرعی ٹیوب ویل کی سولر ائزیشن

### کسان کارڈ سے 30 ارب سے زائد زرعی مداخل کی خریداری، پہلی مرتبہ ڈی اے پی سمیت دیگر کھادوں کی مقررہ نرخ پر وافر دستیابی

گندم کاشت کا 99 فیصد ہدف حاصل، گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت 5 ہزار ٹریکٹر آگئے، 2500 کاشتکاروں کو مل گئے، کاشتکاروں کو 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی ملے گی

صوبہ بھر میں ہزاروں ینگ ایگریکلچر گریجوایٹس فیلڈ میں کاشتکاروں کی رہنمائی میں مصروف، ماہانہ 60 ہزار روپے سکالرشپ بھی ملے گا

ماضی میں کاشتکار کیلئے صرف نعرے لگائے گئے، کام ہمیشہ (ن) کی حکومت کرتی ہے، پنجاب میں کاشتکاری کا رجحان بڑھ رہا ہے، مریم نواز شریف

ہم نے عملاً ثابت کیا حکومت کاشتکار بھائیوں کیساتھ ہے، تنہا نہیں چھوڑیں گے، کاشتکار کی خوشحالی اور زرعی پیداوار میں اضافہ اولین اہداف میں شامل ہے

لاہور (صمیع فیاض) 2024ء کا سنہرا اختتام، مریم نواز شریف کا پنجاب کے کاشتکار، سرسبز وشاداب، پنجاب کا کاشتکار، خوش اور خوشحال، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کسانوں کے لئے پے در پے پراجیکٹ کا ریکارڈ قائم کر دیا، پہلی نومبر کا سب سے بڑا زرعی کسان کارڈ، گرین ٹریکٹرز پروگرام، سپر سیڈ رز کی

باقی صفحہ نمبر 8



وزیر داخلہ محسن نقوی نئے تعمیر ہونے والے سیکٹر I-14 کا دورہ کر رہے ہیں



راولپنڈی، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## محسن نقوی کا سی ڈی اے کو قبضہ مافیا کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کا حکم

### سیکٹر I-14 میں پولیس کی بھنگ 30 دسمبر تک جبکہ الاٹمنٹ کینسل اور لیز فرسادات 14 جنوری کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈی اے کو قبضہ مافیا کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کا حکم دیا۔ اسلام آباد میں نئے بننے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

## میثاق جمہوریت بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کی پائیدار سیاسی سوچ کا ثبوت ہے، وزیراعظم

### سابق وزیراعظم بے نظیر بھٹو کی برسی پر وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ بے نظیر بھٹو، بہت اور استقامت کی علامت بنیں، بینظیر بھٹو اور نواز شریف کی پائیدار سیاسی سوچ کا ثبوت ہے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

## شہید بی بی نے تمام زندگی پسے ہوئے طبقات کی خود مختاری کیلئے کام کیا

### بینظیر بھٹو امید، استقامت، جمہوریت اور انصاف کے اصولوں کا بیکر گیس، صدر زرداری، بلاول بھٹو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف زرداری اور بلاول بھٹو نے بینظیر بھٹو کی 17 ویں برسی پر پیغامات جاری کر دیئے ہیں۔ صدر آصف زرداری نے بینظیر بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ بینظیر امید، استقامت، جمہوریت اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

## 9 مئی کے ماسٹر مائنڈ بانی پی ٹی آئی ہیں، سزا ہونی چاہیے، فیصل کریم کنڈی

### اپنا صوبہ ان کے حوالے نہیں کرسکتے جو دہشت گردی میں ملوث ہوں گورنر کے پی کا پاکستان بھاری

پشاور (این این آئی) گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ ان کے ذاتی خیال میں 9 مئی کے ماسٹر مائنڈ بانی پی ٹی آئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

## شمالی وزیرستان میں شہید ہونیوالے میجر محمد اویس کی نماز جنازہ ادا

### شہید کا جسد خاکی آبائی علاقے نارووال روانہ، مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) شمالی وزیرستان میں شہید ہونیوالے میجر محمد اویس کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

## یونان کشتی حادثہ، ایک اور پاکستانی کی لاش ساحل سمندر کے قریب سے مل گئی

### جاں بحق پاکستانی کی شناخت علی حسن کے نام سے ہوئی ہے جس کا تعلق ضلع گجرات سے ہے

اسٹنٹور (این این آئی) یونان کشتی حادثہ میں ایک اور پاکستانی کی لاش ساحل سمندر کے قریب سے مل گئی۔ جاں بحق ہونے والے پاکستانی کی شناخت علی حسن کے نام سے ہوئی ہے جس کا تعلق ضلع گجرات سے ہے۔ علی حسن کی لاش سوہارو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

## ہمارے عقیدے کے مطابق صفائی نصف ایمان ہے، ملک محمد احمد خان

### مختصر مدت میں مریم نواز کا شہر اپنے پروگرام و ذہنی دشمنی علاقوں میں صفائی کے نظام میں انقلاب لانے کا بیکر

لاہور (خبرنگار) میئر لاہور کنٹونمنٹ بورڈ ملک محمد احمد خان کی زیر صدارت پنجاب اسمبلی میں مختلف پنجاب کے حوالے سے خصوصی کانفرنس کی صدارت کی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔ ایوان میں نصب بڑی سکرین پر میڈیا لنک کے ذریعے پنجاب بھر سے بلدیاتی اداروں کے سربراہان اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15



لاہور میں میئر پنجاب اسمبلی میں مختلف پروگرام کے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## بلوچستان، بے نظیر کسان کارڈ متعارف کرانے کا اصولی فیصلہ

### کسان کارڈ منصوبے کیلئے محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی و سال کے لیے کلاؤڈ سسٹم قائم کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے صوبے میں زراعت کی ترقی اور کسانوں کی بہبود کیلئے بے نظیر کسان کارڈ متعارف کرانے کا اصولی فیصلہ کیا ہے جس کے پہلے مرحلے کے لیے فنڈز کی منظوری دے دی گئی۔ ترجمان بلوچستان حکومت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

## پاکستان میری ٹائم ایجنسی نے بھارتی بحری جہاز کے عملے کو ریسکیو کرلیا

### بھارتی بحری جہاز کراچی سے تقریباً 120 میل دور تھا اور جہاز میں پانی کے داخل ہونے کی اطلاع ملی تھی

کراچی (این این آئی) پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی نے بھارتی بحری جہاز کے عملے کو ریسکیو کر لیا۔ پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی نے کراچی سے تقریباً 120 میل دور تھا اور جہاز میں پانی کے داخل ہونے کی اطلاع ملی تھی۔ اس حوالے سے ترجمان پی ایم اس اے نے بتایا

باقی صفحہ 21 بقیہ نمبر 21

## عدالت کا پی ٹی آئی کے مفروی سوشل میڈیا اکاؤنٹ کو 10 روز میں بازیاب کرانیکا حکم

### مفروی کی گمشدگی کے حوالے سے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، لاہور پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ایکاؤنٹ شایان بٹیر کو 10 روز میں بازیاب کرانے کی ہدایت کر دی۔ لاہور ہائی کورٹ میں پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ایکاؤنٹ شایان بٹیر کی درخواست پر

باقی صفحہ 23 بقیہ نمبر 23

## بابر میں آکر عمران خان کو چھوڑ گیا تو قوم کھڑی ہو جائے گی، جاوید لطیف

### سول نافرمانی 9 مئی سے بڑا جرم ہے، مذاکرات کی آڑ میں عمران خان کی رہائی کے لیے دباؤ ڈالا جا رہا ہے

### امریکہ نیو کلیئر پاور تک رسائی مانگ رہا ہے، اگر غیرات کی موت عزیز ہے تو پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سابق وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36



## پاکستان میں پولیو کے مزید 2 کیسز رپورٹ، کیسز کی تعداد 67 ہوگئی

### لیب نے ٹانک اور کنمور سے ایک ایک پولیو کیس کی تصدیق کی ہے، نیشنل ای او سی

جس کے بعد اس سال ملک میں مجموعی کیسز کی تعداد 67 ہوگئی ہے۔ نیشنل ای او سی نے بتایا کہ

باقی صفحہ 35 بقیہ نمبر 35

## عمران خان کے بیانات نہیں کمیٹی کے تحریری مطالبات دیکھیں گے، عرفان صدیقی

### پی ٹی آئی نے ثابت ہونا ہے نواز شریف کی منظوری شامل ہے، پاکستان کی پالیمان کی پرنڈ گرنیل کے ڈوئس پیش کیا جائے

ایک بیان میں عرفان صدیقی کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی عمران خان کے بیانات نہیں کمیٹی کے تحریری

باقی صفحہ 17 بقیہ نمبر 17

## پیپلز پارٹی بھیک مانگ کر وزیر اعظم نہیں بنائے گی، پیر صاحب پگارا ایسی باتیں نہ کریں، سید خورشید شاہ

سکھر (این این آئی) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید خورشید شاہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی بھیک مانگ کر وزیر اعظم نہیں بنائے گی، پیر صاحب پگارا ایسی باتیں نہ کریں۔ اپنی رائے کا پیر مغلظہ کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سوئی گیس کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## کراچی میں 2 روز کیلئے دفعہ 144 نافذ کردیا گیا، نوٹیفکیشن جاری

### منے سال کے موقع پر شہر میں ہوائی فائرنگ اور آتشبازی پر پابندی عائد ہوگئی

کراچی (این این آئی) کراچی میں 31 دسمبر سے یکم جنوری تک دو روز کے لیے دفعہ 144 کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ کمشنر کراچی سید حسن

باقی صفحہ 33 بقیہ نمبر 33

## وزیراعظم شہباز شریف نے اہم فیصلوں سے متعلق 8 رکنی کابینہ کمیٹی تشکیل دے دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے اہم فیصلوں سے متعلق 8 رکنی کابینہ کمیٹی تشکیل دے دی۔ کمیٹی کی سربراہی وزیراعظم خود سربراہی کریں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعظم کی جانب سے اہم فیصلوں کے حوالے سے قائم کی گئی کمیٹی میں نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار وزیر خزانہ محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

## 27 دسمبر ہم سب کیلئے مشکل دن ہے، شیری رحمن

### بے نظیر بھٹو کی شہادت پر صرف پاکستان ہی نہیں پوری دنیا نے سوگ منایا

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کی نائب صدر اور سینیٹر شیری رحمن نے کہا ہے کہ 27 دسمبر صرف پیپلز پارٹی کے لیے نہیں بلکہ پوری دنیا میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18



## صدر زرداری کی شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے مزار پر حاضری، فاتحہ خوانی اور پھول چڑھائے

لاڑکانہ (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی 17 ویں برسی کے موقع پر گڑھی خدا بخش میں ان کے مزار پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور پھول چڑھائے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے شہید

باقی صفحہ 30 بقیہ نمبر 30

## فضل الرحمان کی طبیعت ناساز، ڈاکٹروں کا مکمل آرام کا مشورہ

### فضل الرحمان کے پاؤں میں شدید تکلیف ہے، ڈاکٹروں کی جانب سے چلنے پر پرہیز کا کہا گیا ہے، ترجمان

لاہور (این این آئی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کی طبیعت ناساز ہے، ڈاکٹروں نے مولانا کو مکمل آرام کا

باقی صفحہ 25 بقیہ نمبر 25

## نئے سکولوں کی رجسٹریشن سکول بسوں کی پالیسی سے مشروط

### سکول بسوں کے بغیر رجسٹریشن کی تمہید پر سخت برہمی کا اظہار، بیکری سکولز ایکویشن کو تین عدالت کا شوکاز نوٹس جاری

### بیکری سکولز کے اقدامات حکومتی اقدامات کے خلاف ہیں، بیکری سکولز کو شوکاز نوٹس واپس لینے کی ہدایت کر دی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نئے سکولوں کی رجسٹریشن سکول بسوں کی پالیسی سے مشروط کر دی۔ جبکہ عدالت نے سکول بسوں کے بغیر

باقی صفحہ 24 بقیہ نمبر 24



اسلام آباد، وفاقی وزیر محمد اعظم خان آذربائیجان کے عدالتگاہ کے دورے کے موقع پر مہمانوں کی کتاب میں تاثرات درج کر رہے ہیں

## خالد مقبول کی فلسطینی سفیر ڈاکٹر وئیر زید سے ملاقات

### پاکستان فلسطینی طلبہ کو سائنس ویٹیکنالوجی کے میدان میں ترقی کرتے دیکھنا چاہتا ہے، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے فلسطینی سفارت خانے کے

باقی صفحہ 26 بقیہ نمبر 26

## بینکوں کے بغیر جائیداد کی خرید وفروخت پر 5 فیصد جرمانے کا سامنا کرنا پڑیگا

### فیلڈ فارمیشنز کو مطلوبہ جرمانہ وصول کرنے کی ہدایات جاری کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے انگریش آرڈیننس 2001 کے تحت پنجاب میں نان بینکنگ فنانشل کمپنیز کے ذریعے کی گئی غیر منقولہ

باقی صفحہ 27 بقیہ نمبر 27

## پشاور رواں سال 615 افراد قتل، جرائم سے متعلق پولیس کی سالانہ رپورٹ جاری

### 2024 کے دوران قتل، اغوا، چوری، ڈکیتی و دیگر جرائم کے 8 ہزار 811 مقدمات درج ہوئے

پشاور (این این آئی) پشاور میں مختلف جرائم سے متعلق پولیس نے سالانہ رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق رواں سال میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

## قومی سلامتی کے امور پر پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے، حافظ نعیم الرحمان

### افغانستان کے ساتھ کشیدہ تعلقات پر مہمیں تشویش ہے، ہمیں مذاکرات کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنا چاہیے

## سپریم رہنما مسعود احمد خان اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی ملاقات، پاکستان کی داخلی صورت حال زیر بحث آئی



اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سے سپریم مسعود احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز





چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کشمرآفس میں لاہور ڈویژن کے ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## چیف سیکرٹری کا اراضی ریکارڈ کمپیوٹرائزیشن جلد مکمل کرنے کا حکم

## ای رجسٹریشن کے ذریعے اراضی منتقلی کے عمل میں شفافیت آئی ہے، کرپشن کا خاتمہ ہوا ہے، زاہد اختر زمان

## افسران اپنے فرائض محنت، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کیساتھ سرانجام دیں، اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے ہدایت کی ہے کہ اراضی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن جلد مکمل کی جائے، دیہی اور شہری اراضی ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن مکمل ہونے سے لینڈ ایڈمنسٹریشن کا جدید نظام وضع ہوگا، انہوں نے ہدایت کی کہ ہر ڈویژن کے کمشنر آخر میں ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کے ساتھ اجلاس میں لاہور ڈویژن کے ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر ڈویژن، ہفتہ وار تعطیل کے علاوہ ہر روز کمشنر کے کھلی کچہری لگائے، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈپٹی کمشنر لاہور، ڈی او (ریونیو) لاہور، ڈی او (ریونیو) شالیمار، ڈی او (ریونیو) ایسٹ، ڈی او (ریونیو) ویسٹ، ڈی او (ریونیو) سٹی، ڈی او (ریونیو) کینٹ، ڈی او (ریونیو) سدرن، ڈی او (ریونیو) نارتھ، ڈی او (ریونیو) سمن آباد، ڈی او (ریونیو) ساؤتھ، ڈی او (ریونیو) ٹاؤن شپ، ڈی او (ریونیو) ماڈل ٹاؤن، ڈی او (ریونیو) اوقاف، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ لاہور، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ شالیمار، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ والٹن، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ایئرپورٹ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ریس کورس، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ کینٹ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس ویسٹ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس ایسٹ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس ساؤتھ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس نارتھ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس سمن آباد، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس ٹاؤن شپ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس ماڈل ٹاؤن، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس اوقاف، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس کینٹ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس ریس کورس، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس والٹن، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس ایئرپورٹ، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس شالیمار، ڈی او (ریونیو) کنٹونمنٹ بورڈ ڈیفنس لاہور

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 28 دسمبر 2024ء

# سیالکوٹ کا تحریک پاکستان میں کردار روشن مثال ہے: ڈاکٹر محمد شعیب سڈل

## انجینئر عمران اشرف کا اپنے مادر علمی مرے کالج کے مستحق طلبہ کیلئے ہر سال دس لاکھ روپے وظائف دینے، فکر اقبال کے حوالے سے ادارہ بنانے کی سرپرستی کرنے اور سیالکوٹ نفع ونقصان پر بین الاقوامی معیار کی یونیورسٹی بنانے کا اعلان



ائر پورٹ محمد یوسف مغل، ممتاز محقق ارشد طہرانی مرزا، ممتاز ماہر تعلیم خالد لطیف، پروفیسر ڈاکٹر یاسر ذیشان مغل اور صحافی محترمہ روبی طارق شامل تھے۔ صدر تقریب ڈاکٹر محمد شعیب سڈل نے اپنے خطاب میں کہا کہ انہیں 68 بعد اپنے اس مادر علمی میں آکر انتہائی دلی خوشی ہے کہ جس کالج کے طلبہ نے اپریل 1944 قائد اعظم کے دورہ سیالکوٹ کے دوران بھرپور جوش وخروش سے ان کا استقبال کیا اور ان کی آواز پر جس انداز سے لبیک کہتے ہوئے تحریک پاکستان میں ایک نئی جان ڈال دی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب یہاں زیور تعلیم سے آراستہ ہونے والے طلبہ و طالبات میں تعمیر پاکستان کے لئے اسی جذبے کو پیدا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں شہر اقبال فورم اپنا کردار ادا کرنے کے تیار ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر انسٹیٹیوٹ آف بزنس لیڈرشپ اسلام آباد نے کہا کہ مصور پاکستان حضرت علامہ اقبال اور بانی پاکستان کے مشن کو لے کر ہم نے اسلام آباد کے بعد اب اپنے آبائی سیالکوٹ میں علم کی شمع روشن کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے۔ مایہ ناز بزنس مین و ڈائریکٹر سیال محمد یوسف مغل ڈائریکٹر ایئر سیال نے کہا کہ سیالکوٹی اب تعمیر پاکستان میں جو بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں وہ دراصل تکمیل پاکستان کا ہی عمل ثبوت ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر بلیرو پاکستان انجینئر عمران اشرف نے کہا کہ سیالکوٹ کے صنعت کار پاکستان کی معیشت کو مضبوط میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ اگر پاکستان نہ بنتا تو ہم کسی ہندو یا کسی سکھ کی دکان پر مزدوری کر رہے ہوتے۔ انجینئر عمران اشرف نے اپنے مادر علمی مرے کالج کے مستحق طلبہ کے ہر سال دس لاکھ روپے وظائف دینے، فکر اقبال کے حوالے سے ادارہ بنانے کی سرپرستی کرنے اور سیالکوٹ نفع ونقصان پر بین الاقوامی معیار کی یونیورسٹی بنانے کا اعلان کیا۔ آخر میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز مرزا نے مرے کالج کے سابق طلبہ کی طرف سے شاندار تقریب منعقد پر منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) اقلیتوں کے حوالے سے سپریم کورٹ آف پاکستان کے کمیشن کے سربراہ اور فرزند شہر اقبال ڈاکٹر محمد شعیب سڈل نے کہا کہ سیالکوٹ نے تحریک پاکستان میں جو تاریخ ساز کردار ادا کیا وہ ہم سب کے لئے ایک روشن مثال ہے اس پر ہم جتنا بھی فخر کریں کم ہے۔ لیکن اس سے پوری قوم خاص طور نوجوان نسل کو آگاہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار انسٹیٹیوٹ آف لیڈرشپ اسلام آباد اور بلیرو گروپ آف کمپنیز کے اشتراک اور شہر اقبال فورم اسلام آباد، مدینہ ٹرسٹ، کمیونٹی ڈویلپمنٹ کنسرن، سٹی میگ اور مرے کالج کے سابق طلبہ کی تنظیم دی مرے آنٹس کے تعاون سے بانی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کے 148 ویں یوم ولادت کے سلسلے میں منعقدہ سیمینار میں صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی سابق وفاقی سیکرٹری اور چیئرمین تعلیم فاؤنڈیشن ڈاکٹر فخر قادر، پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز مرزا، سابق ایڈیشنل آئی جی پولیس ظہیر بختون خواہ میاں آصف اقبال، ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب ظہور حسین، سابق وفاقی سیکرٹری مختر قادر، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق، چیف ایگزیکٹو آفیسر بلیرو گروپ آف کمپنیز انجینئر عمران اشرف سابق ایم پی اے بطور خاص موجود تھے۔ جبکہ مقررین میں شہر اقبال فورم اسلام آباد کے ایگزیکٹو ممبران محمد اشرف انصاری، امجد فاروق، کرکٹ کے عالمی شہرت یافتہ شیدائی صوفی عبدالجلیل چاچا کرکٹ، ڈائریکٹر سیالکوٹ انٹرنیشنل

## ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان نے رواں سال 2024 کی رپورٹ جاری کر دی



پشاور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان نے رواں سال 2024 کی رپورٹ جاری کر دی۔ رواں سال 2024 میں پنجاب ایمرجنسی سروس کو 93686 کالیں موصول ہوئیں۔ جن میں سے 26646 کالیں ایمرجنسی کی 10478 کالیں انفارمیشن کی 30356 ڈسٹرب کالیں 1574 رانگ کالیں اور 24617 ڈسٹرنگ کالیں تھیں۔ ریسکیو 1122 نے 6609 روڈ ٹریفک ایکسیڈنٹ، 16067 میڈیکل کیسز، 300 فائر کیسز، 946 کرائم کیسز، 16 ڈروننگ (ڈوبنے) کے کیسز، 35 عمارت گرنے، 379 اونچائی سے گرنے اور 2294 دوسرے متفرق کیسز پر ریسپانس کیا۔ پنجاب ایمرجنسی سروس نے 27253 مریضوں کو ریسکیو کیا۔ 11137 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد دی جبکہ 15462 افراد کو قریبی ہسپتال شفٹ کیا گیا 654 افراد کی موقع پر موت واقع ہوئی۔ 7.97 منٹ ریسپانس ٹائم اوسط رہا۔ رواں سال 2024 میں ضلع بھر میں کل 6609 روڈ ٹریفک حادثات ہوئے جن میں 7714 زخمی افراد کو ریسکیو کیا زخمی مردوں کی تعداد 5866 جبکہ خواتین کی تعداد 1848 بے 2 6 افراد کی موقع پر موت واقع ہوئی 3587 زخمی افراد کو قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا جبکہ 4065 زخمی افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔

## آواز دو پروگرام کی طرف سے معلوماتی دورہ برائے بین المذہب ہم آہنگی کی تقریب



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) آواز دو پروگرام کی طرف سے معلوماتی دورہ برائے بین المذہب ہم آہنگی کی تقریب اوکاڑہ 6 فورائل پاسٹر فراز کے چرچ میں منعقد ہوئی جس میں پروجیکٹ کوآرڈینیٹر سید نجم الحسن گیلانی کمیونٹی فسیلیٹر چوہدری آصف رشید، میڈم مریم، میڈم غزالہ اور ڈی ایس او میڈم سدرہ رباب سمیت آرپیز اور دیگر مذاہب سمیت لوگوں نے شرکت کی جن میں کرسچن کمیونٹی سے مسلم کمیونٹی سے اور دیگر خواجہ سرا اور PWDs نے شرکت کی اس موقع پر سید نجم الحسن گیلانی نے کرسچن کمیونٹی سے آئے ہوئے لوگوں سے اظہار یک جہتی کی ان کے ساتھ مل کر کرسمس کیک کٹنگ کی اور کرسمس کی مبارکباد دی اس کے علاوہ تمام لوگوں کے لیے ریفرشمنٹ کا انتظام بھی کیا اس کے بعد تمام لوگوں نے مسجد کا دورہ کیا اور سب کو باہمی ہم آہنگی اور بھائی چارے کا پیغام دیا۔

## ڈسٹرکٹ آفیسر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ثاقب محمود نے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ آفیسر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ثاقب محمود نے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے گزشتہ روز انہوں نے آفس کے تمام سیکشنز کا دورہ کر کے افسران وملازمین کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ امور ذمہ داری کی انجام دہی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے غفلت والا پروا ہی کا مظاہرہ کرنے والے افسران وملازمین کا کڑا احتساب کیا جائے گا۔ ای ٹی او ثاقب محمود نے ماتحت افسران سے بھی ملاقات کی جنہوں نے محکمہ کی رواں سال کی کارکردگی سے انہیں آگاہ کیا اور ٹیکس کی وصولی کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی ملاقات میں محکمہ کی آن لائن سروسز کو مزید فعال بنانے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا ای ٹی او ثاقب محمود نے افسران پر واضح کیا کہ ٹیکس وصولی کے اہداف کی تکمیل میں کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا فیلڈ افسران وملازمین ٹیکس نادہندگان کے خلاف قانونی کاروائی کیلئے حاصل اختیارات بروئے کار لائیں ٹیکس چوروں سے کوئی رعایت نہ برتی جائے امور ذمہ داری کی انجام دہی کی خاطر مستعدی کا مظاہرہ کرنے سمیت تمام امور میں شفافیت ویمیرٹ کو اولین ترجیح دی جائے۔

## ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ کا اجلاس

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت صدر شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ منعقد ہوا، اجلاس میں جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خالد یاسین، فنانس سیکرٹری راجہ ریاض احمد خان، ایگزیکٹو ممبران وعہدیداران پیرزادہ اقبال حسین، شیخ جہانگیر احمد چنیوٹی، حاجی الطاف حسین، خوش آزاد ایڈووکیٹ و دیگر ممبران نے شرکت کی اجلاس کے دوران فیصل آباد کی معروف شخصیت اسرار احمد منے خان کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا اس موقع پر مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## گوجرانوالہ: ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بین الکلیاتی نمائش کا انعقاد

### گورنمنٹ گریجوایٹ کالج فار بوائز، سیٹلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ میں ہوا۔ جس میں ڈویژن بھر کے طلبا و طالبات نے بھرپور شرکت کی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بین الکلیاتی Science Exhibition 2024 کا انعقاد گزشتہ روز گورنمنٹ گریجوایٹ کالج فار بوائز سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ میں ہوا۔ جس میں ڈویژن بھر کے طلبا و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ اس سائنس ایگزیبیشن میں گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج گوجرانوالہ کے شعبہ ہائے فزکس کیمسٹری، زوالوجی، کمپیوٹر سائنس اور ریاضی کے طلبا و طالبات نے مختلف ماڈلز پیش کیے۔ اس نمائش میں گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج گوجرانوالہ کے ہونہار طلبا و طالبات نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اظہار بھرپور انداز میں کرتے ہوئے مختلف ماڈلز پیش کیے۔ ان میں شعبہ ریاضی کے طلبا و طالبات نے Data Security میں دوسری شعبہ کیمسٹری کے طلبا و طالبات نے D.N.A. Model میں دوسری جب کہ شعبہ زوالوجی کے طلبا و طالبات نے Save Earth کے ماڈل میں دوسری شعبہ فزکس کے طلبا و طالبات نے AutomaticStreet Light, Switching and Fire Alarm جیسے ماڈل پیش کر کے تیسری شعبہ کمپیوٹر سائنس کے طلبا و طالبات نے Rate Guard میں تیسری جب کہ شعبہ زوالوجی کے طلبا و طالبات نے Neurotransmission میں پہلی، Environmental Pollution میں دوسری جب کہ Model میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔

# 5 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کا ہدف حاصل کر لیا، ڈپٹی کمشنر

## 27 بچوں کے والدین کی طرف سے ویکسینیشن نہ پلائے جانے کے بعد دوبارہ خصوصی ٹیموں کی تعیناتی کی گئی اور 22 بچوں کو قطرے پلوا دیئے گئے جبکہ پانچ بچے بوجہ شدید بیماری قطرے نہ پی سکے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے منٹگمری ہال میں پوسٹ پولیو کیمپین کے اجلاس کی صدارت کی جس میں حالیہ پولیو مہم کے دوران متعلقہ محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال محمد اورنگزیب، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سید اظہر نقوی اور ڈی ایچ او ڈاکٹر طاہر کے علاوہ دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر طاہر نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 16 دسمبر سے شروع ہونے والی اس مہم میں 532,772 بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا، جبکہ مہم کے دوران 529,136 بچوں کو قطرے پلائے گئے، جس سے مہم کی کامیابی کا تناسب 99.32 فیصد رہا۔ مہم کے دوران 27 بچوں کے والدین کی طرف سے ویکسینیشن نہ پلائے جانے کے بعد دوبارہ خصوصی ٹیموں کی تعیناتی کی گئی اور 22 بچوں کو قطرے پلوا دیئے گئے جبکہ پانچ بچے بوجہ شدید بیماری قطرے نہ پی سکے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ ٹیم ورک کو فروغ دیں اور آئندہ مہم کی کامیابی کو مزید بہتر بنانے کے لیے موثر حکمت عملی اپنائیں۔ انہوں نے خصوصی طور پر ضلع ساہیوال کے بارڈر ایریاز پر توجہ مرکوز کرنے کی تاکید کی تاکہ وہاں رہنے والے تمام بچوں کو پولیو ویکسین دی جا سکے اور کوئی بھی بچہ حفاظتی قطرے پلانے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے عوامی شعور اجاگر کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور ہدایت کی کہ والدین کو مہم کی اہمیت سے آگاہ کیا جائے تاکہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے ٹیموں سے زیادہ سے زیادہ تعاون کریں۔ اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کی تیاریوں اور متعلقہ محکموں کے کردار کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

## نئے پینشن رولز اور لیوا نکیشمنٹ ختم کئے جانے کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی

### نئے پینشن رولز کا نوٹیفیکشن واپس نہ لیا گیا تو دفاتر کی تالہ بندی کریں گے اور ہر سطح پر گھیراؤ کریں گے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ایپکا کے زیر اہتمام نئے پینشن رولز اور لیو انلیشمنٹ ختم کئے جانے کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جس کی قیادت چوہدری عبدالمجید گجر ضلعی صدر ایپکا، چوہدری نصر اللہ بھجرا، میاں نوید عظانون، قیصر جاوید، تحویر عباس، عمران احمد فاروقی، ڈاکٹر شہزاد، محمد امین چوہدری، مہر احسان اور اسحاق کھوکھر نے کی۔ اس موقع پر شرکاء ریلی نے سخت نعرہ بازی کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت سرکاری ملازمین کے معاشی قتل پر تل آئی ہے جس سے ملازمین میں غم وغصہ کی لہر سرایت کر چکی ہے۔ اگر حکومت نے نئے پینشن رولز کا نوٹیفیکشن واپس نہ لیا اور لیو انلیشمنٹ بحال نہ کی تو وہ اپنے حقوق کے لئے نہ صرف دفاتر کی مکمل تالہ بندی کریں گے بلکہ حکمرانوں کو ہر سطح پر گھیراؤ کریں گے۔

## شرقپور: چوروں نے مدرسے کو بھی نہ چھوڑا

### رات کی تاریکی میں نامعلوم چور مدرسے کا رکشہ اور سولر پلیٹیں لے اڑے





شرقپور شریف (نامہ نگار) چوروں نے مدرسے کو بھی نہ چھوڑا۔ رات کی تاریکی میں نامعلوم چور مدرسے کا رکشہ اور سولر پلیٹیں لے اڑے تفصیلات کے مطابق منڈیانوالہ کے قریب مدرسہ شریف شاہ پر علامہ سید شبیر حسین بخاری نے مدرسہ حضرت ابوذر غفاری اور بعثت سکول سسٹم قائم کیا ہوا ہے جہاں پر گزشتہ رات دو نامعلوم چور مدرسے کی دیوار پھلانگ کر داخل ہوئے اور مدرسے کا رکشہ اور سولر پلیٹیں لے کر فرار ہو گئے جس سے مدرسے کا چھ لاکھ روپے کا نقصان ہوا سید حسنین نقوی نے تھانہ شرقپور میں مقدمے کے اندراج کے لیے درخواست دے دی ہے اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ مدرسے میں چوری کرنے والے چوروں کو عبرت ناک سزا دی جائے اور چوروں سے مدرسے کا سامان برآمد کیا جائے

## فارم 47 کی جعلی بنیاد پر موجودہ حکومت برسر اقتدار آئی، مولانا جاوید قصوری

### عوام گھی دال سبزی گیس بجلی کی گرانی کی چکی میں پس رہے ہیں، صوبائی امیر



حافظ آباد (رانا طارق محمود) جماعت اسلامی پنجاب کے صوبائی امیر مولانا جاوید قصوری نے کہا ہے کہ فارم 47 کی جعلی بنیاد پر جب سے موجودہ حکومت برسر اقتدار آئی ہے اس نے ملک کا انتظام کسی بچے شدید انتشار کا شکار کر رکھا ہے جس پر قابو پانے کے لیے جماعت اسلامی بے لوث اور انتھک جدوجہد کر رہی ہے وہ یہاں درکوٹ نشن کے بعد جماعت اسلامی کے ضلعی سیکریٹریٹ میں امان اللہ جٹ، ڈاکٹر محمد یاسین اور ملک شوکت علی بھلر وان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے انہوں نے مزید کہا کہ عوام گھی دال سبزی گیس بجلی کی گرانی کی چکی میں پس رہے ہیں اور وزیر اعظم ہر روز غلط بیانی کرتے ہوئے مہنگائی میں کمی کی خوشخبری سنا رہے ہیں انہوں نے کہا پنجاب حکومت کسانوں کا مکمل بائیکاٹ اور مکئی جیسی فصلوں پر بری طرح اثر انداز ہو رہی ہے جس سے معیشت کو تباہی کے دہانے تک پہنچانے کا خطرہ پیدا ہو چکا ہے انہوں نے واضح کیا کہ حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں جماعت اسلامی کسانوں کو ان کے حقوق دلانے کی جدوجہد شروع کر رہی ہے جبکہ عوام کو بجلی کی گرانی اور ارکان پی پی پی سمیت اپنے گناہوں کی سزا دلانے کی تحریک کو منطقی انجام تک پہنچانے میں پوری طرح پر عزم ہے۔

## دیپال پور پریس کلب وانجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) کی پروقار تقریب حلف وفاداری کا انعقاد



دیپال پور (تحصیل رپورٹر) گزشتہ روز دیپال پور پریس کلب وانجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) کی پروقار تقریب حلف وفاداری کا انعقاد ہوا۔ ذی ایس پی ملک فیاض احمد اور مرکزی جنرل سیکرٹری آر یو جے پاکستان عابد حسین مغل، عرفان نوید غوری صدر شاہ مقیم پریس کلب، رائے امداد حسین صدر سنگھر پریس کلب کی بطور مہمان خصوصی شرکت، الیکشن بورڈ اور ممبران کے اتفاق رائے سے حاجی افتخار احمد چوہدری چیئرمین، عبدالعزیز محمودی وائس چیئرمین، حاجی محمد اشتاق چوہدری صدر، مرزا فاروق احمد سلفی جنرل سیکرٹری منتخب، عوامی، سماجی حلقوں کی جانب سے مبارکباد، عوامی مسائل کو ہمیشہ کی طرح اجاگر کرنے کا عزم۔ تفصیلات کے مطابق حسب روایت دیپال پور پریس کلب وانجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) 1991ء فاطمہ جناح پارک دیپال پور پروقار تقریب حلف وفاداری شاکر حسین شاہ رضوی حال دیپال پور میں انعقاد پذیر ہوئی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوئی جس کی سعادت عبدالعزیز محمودی اور نعت رسول مقبول ﷺ کی سعادت ناظم خان بلوچ اور شفیع محمد سلفی نے حاصل کی۔ اتفاق رائے سے عہدیداران پریس کلب ومیڈیا سرپرست اعلیٰ علامہ محمد اصغر مجددی، سرپرست حاجی عبدالرزاق قریشی، چیئرمین حاجی افتخار احمد چوہدری، وائس چیئرمین عبدالعزیز محمودی، چیئرمین مجلس عاملہ مسعود علی ہاشمی، صدر حاجی محمد اشتاق چوہدری، سینئر نائب صدر محمد امجد مغل، نائب صدر میاں نسیم احمد، ڈپٹی نائب صدر دوم ڈاکٹر محمد ناصر، جنرل سیکرٹری مرزا فاروق احمد سلفی، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر مبشر افتخار چوہدری، سیکرٹری انفارمیشن ریاض حسین چنار، فنانس سیکرٹری حافظ حکیم عبدالرزاق کھوکھر، انچارج آئس مہر بشارت علی اور عہدیداران الیکٹرانک میڈیا سرپرست سید محمد حسن شاہ، صدر مجاہد محمود چوہدری، جنرل سیکرٹری جمشید اشتاق چوہدری، جوائنٹ سیکرٹری شفیع محمد سلفی، فنانس سیکرٹری محمد یوسف بھٹی، لائین مجلس عاملہ میاں امام دین، مرزا رضوان، چوہدری امتیاز شاہین، میاں کلیم اللہ ڈوگر، ڈاکٹر امتیاز احمد کاشف، عرفان شریف منتخب ہو گئے، نومنتخب عہدیداران پریس کلب ومیڈیا سے سیکرٹری جنرل RUJ پاکستان عابد حسین مغل اور عہدیداران الیکٹرانک میڈیا سے بانی جنرل سیکرٹری لائف ممبر علامہ اصغر مجددی نے ملک ظفر اقبال جنرل سیکرٹری شاہ مقیم پریس کلب جھرہ شاہ مقیم، ناظم خان بلوچ نائب صدر سٹی پریس کلب اوکاڑہ و دیگر کی موجودگی میں باقاعدہ حلف لیا۔ پروقار تقریب کے اختتام پر ملکی وقار اور سلامتی کے دعائی کی گئی

## ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے پنڈی بھٹیاں، سکھیکی، کالیکی، رسولپور تارڑ، نوتھیں سمیت مختلف علاقوں کا دورہ



حافظ آباد (رانا طارق محمود) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے پنڈی بھٹیاں، سکھیکی، کالیکی، رسولپور تارڑ، نوتھیں سمیت مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور وہاں "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت صفائی ستھرائی اور دیگر کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے آر ایچ سی سکھیکی، رسولپور تارڑ، کالیکی اور بی ایچ یو چک بخشہ کے دورہ کے دوران وہاں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، سٹاف کی حاضری اور دیگر انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر حافظ آباد شجاع پورہ روڈ کے تعمیراتی کام کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے ضلع کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور مختلف یونین کونسلوں کے دفاتر کے دورہ کے دوران وہاں سٹاف کی حاضری اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اپنے دورہ کے دوران ستھرا پنجاب مہم کے سلسلہ میں صفائی ستھرائی، سیوریج اور ڈرینج نظام اور عوامی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ستھرا پنجاب مہم پروگرام میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی نا قابل برداشت ہے۔ تمام شہری اور دیہی علاقوں کی صفائی ستھرائی اور بالخصوص سیوریج نالوں اور ڈرینج سسٹم کی بحالی پر خصوصی توجہ دی جائے۔

## انسانیت کی خدمت زندگی کا خاصہ ہے۔ ڈاکٹر غلام قادر میو

### مریضوں کیلئے طبیب زندگی کی علامت ہے، پروفیسر ڈاکٹر افتخار بھٹہ/ ریڈیالوجسٹ



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈاکٹر کا نام سنتے ہی بیمار و لاچار مریضوں کا علاج کرنے والے پروفیشنلز ازبان میں آتے ہیں جو کہ اپنی قابلیت و ڈگریوں کی بنیاد پر مریضوں کا علاج معالجہ کر کے اپنے فرائض منصبی ادا کرتے دیکھے جاتے ہیں مگر مریضوں کا علاج دوا کیساتھ دعاؤں اور دکھ درد سے سرشار انسانیت کے جذبہ خدمت کیساتھ کرنے والوں میں شامل چند لوگوں میں ایک ہیں۔ بلاشبہ ان کا مطمع نظر لاچار و بے یار و مددگار انسانیت کی مسیحائی ہے جو زبان زد عام ہے۔

آج کے نفسا نفسی کے دور میں شعبہ طب سے جوڑے انتہائی قلیل تعداد میں ایسے انسان دوست لوگ بھی موجود ہیں جو اپنے مریضوں کیلئے طبیب، ڈاکٹر و مسیحا کا روپ اور اللہ کا انعام ہوا کرتے ہیں۔ شہر اقبال سیالکوٹ میں راؤ کلینک ماڈل ٹاؤن اکوئی سیالکوٹ کی روح رواں ڈاکٹر راؤ غلام قادر میو وہ مسیحا ہیں جو اپنے مریضوں کا علاج دوا کیساتھ دعاؤں اور دکھ درد سے سرشار انسانیت کے جذبہ خدمت کیساتھ کرنے والوں میں شامل چند لوگوں میں ایک ہیں۔ بلاشبہ ان کا مطمع نظر لاچار و بے یار و مددگار انسانیت کی مسیحائی ہے جو زبان زد عام ہے۔

## ساہیوال سرکاری واجبات کی وصولی کا جائزہ لینے کے لئے کمشنر آفس میں خصوصی اجلاس

### تینوں اضلاع کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو سمیت متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) سرکاری واجبات کی وصولی کا جائزہ لینے کے لئے کمشنر آفس میں خصوصی اجلاس کا انعقاد، سیکرٹری ٹیکسز بورڈ آف ریونیو پنجاب نے ویڈیو لنک پر اجلاس کی صدارت کی جس میں تینوں اضلاع کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو سمیت متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ساہیوال ڈویژن میں سرکاری واجبات کی وصولی پر پوری توجہ مرکوز ہے اور موجودہ مالی سال کے پہلے 5 ماہ جولائی تا نومبر ایک ارب 50 کروڑ روپے سے زائد ریکوری کی گئی ہے جو میونسپل فیس، سیئیرج ڈیوٹی، زرعی انکم ٹیکس اور آبیانہ کی مد میں ہے۔ اے ڈی سی ریونیو ساہیوال محمد اعتزاز اسلم مارتھ نے ضلع ساہیوال میں ریکوری پوزیشن پر بریفنگ دی اور بتایا کہ تمام ریونیو افسران کو واضح ہدایات ہیں کہ وہ ان سرکاری واجبات کی وصولی پر خصوصی توجہ دیں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹارگٹ کے حصول کے لئے کوششیں جاری رکھی جائیں گی اور وہ خود وصولی کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔

## مصطفیٰ آباد کے ہیروز کو ایوارڈ دینے کی تقریب دس بجے ہوگی

### قابل فخر شخصیات کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ دیئے جائیں



مصطفیٰ آباد/لیہ (نمائندہ خصوصی) مصطفیٰ آباد کے ہیروز کو ایوارڈ دینے کی تقریب دس بجے ہوگی، مصطفیٰ آباد کے قابل فخر شخصیات کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ دیئے جائیں گے، کرنسی نوٹوں اور سکوں کی نمائش میں لگائی جائے گی، انتظامات مکمل، تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد اور اس کے نواحی دیہات سے تعلق رکھنے والی ان شخصیات کو جنہیں نے اپنی محنت اور مستقل مزاجی سے نمایاں کامیابیاں سمیٹنے والے نمائندہ افراد کو ایوارڈ دینے کی تقریب مصطفیٰ آباد کی نجی مارکی میں ایوارڈ سرمنی کا اہتمام کیا جائے گا، معروف کوہن کو لیکٹر شکیل احمد نے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ اس تقریب میں دس مختلف شعبوں کے چالیس افراد کو آج 28 دسمبر صبح دس بجے ایوارڈ سرمنی کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں، یہ ایوارڈ سرمنی اپنی مثال آپ ہو گی، اس تقریب کا مقصد مثبت سرگرمیوں کو پروموٹ کرنا ہے، ہم علاقہ کی مثبت پہنچان بننے والے افراد کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں تاکہ علاقہ میں مثبت سرگرمیوں میں اضافہ ہو، کسی کی حوصلہ افزائی اسے وہ حوصلہ دیتی ہیں جس سے وہ پہلے سے بھی کئی گناہ زیادہ محنت سے مزید کامیابیاں حاصل کرتی ہیں۔ ہمارے معاشرے میں منفی پروپگنڈا عروج پر ہے، کسی کو تسلیم کر لینا بڑے دل والوں کا کام ہے، تقریب کو سیاست، مذہب، اور برادری ازم سے بچایا گیا ہے، یہ تقریب تمام اہلیان مصطفیٰ آباد کی مشترکہ تقریب ہے، ہم اس میں اہلیان مصطفیٰ آباد کو شرکت کی دعوت دیتے ہیں، یہ تقریب مصطفیٰ آباد کے لئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔

## پاک فوج کے شہید میجر محمد اویس کی آبائی علاقہ شکر گڑھ میں نماز جنازہ ادا کر دی گئی

### شہید میجر کی عید گاہ والے مرکزی قبرستان میں سرکاری اعزاز کے ساتھ تدفین کر دی گئی




شکر گڑھ (عمران عارف سے) پاک فوج کے شہید میجر محمد اویس کی آبائی علاقہ شکر گڑھ میں نماز جنازہ ادا کر دی گئی، شہید میجر کی عید گاہ والے مرکزی قبرستان میں سرکاری اعزاز کے ساتھ تدفین کر دی گئی پاک فوج کے چاک چوبند دستے نے سلامی دی۔ نماز جنازہ میں کور کمانڈر گوجرانوالہ کی شرکت۔ پاک آرمی کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی اور صدر پاکستان، آرمی چیف اور وزیر اعظم کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی گئی۔ شہید کے والد نے بیٹے کی شہادت کو خاندان کے لیے اعزاز قرار دیا۔ شمالی وزیرستان میں خوارج کے خلاف لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے میجر اویس عارف شہید کی نماز جنازہ مکمل اعزاز کے ساتھ عسکری اسٹیڈیم میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں شہید میجر کے بھائی نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں کور کمانڈر گوجرانوالہ لیفٹیننٹ جنرل سید امداد حسین شاہ، ایم این اے ائوار الحق چوہدری، بریگیڈیئر عمران شیخ، ونگ کمانڈر کرنل صہیب شاہ، ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا، ڈی پی او نارووال نوید ملک سمیت عسکری وسول حکام سیاسی، سماجی اور مذہبی رہ

DAILY QUWAT
# ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نویس کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

## ملک کا استحکام اور ترقی، سب کی مشترکہ ذمہ داری

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کرسمس کے موقع پر مسکی برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ، ان کی فلاح، ترقی و خوشحالی ہماری اولین ترجیح ہے، یہ پاکستان کے قابل فخر مسکی شہری ہیں، پاکستان کو بنانے اور اسے ہم سب نے مل کر پاکستان کو تعلیم سے محروم نہ رہنے دینا ہے، تحریک پاکستان اور اس کے بعد آج تک تعلیم، صحت سمیت تمام شعبوں میں مسکی برادری کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، وزیر اعظم نے کہا تھا کہ پاکستان میں مسکی برادری امن اور سکون سے رہ رہی ہے، مختلف پاکستان سے آج تک خدمات انجام دیں، تعلیم اور صحت کے میدان، سرکاری اور دفاع وطن کے لیے اسی طرح 1965ء اور 1971ء کی جنگ سمیت پاکستان کے لیے ان کی قربانیاں بے مثال ہیں، شہباز شریف نے مزید کہا کہ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ہمیں اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے، اپنے جذبات کو قائم میں رکھ کر برداشت اور تحمل کا مظاہرہ کرنا ہے، تفریق اور تفریق کی خاتمہ کرنا ہے، اپنے جذبات کو قائم میں رکھ کر برداشت اور تحمل کا مظاہرہ کرنا ہے، اپنے ساتھ ہونے والے ظلم کے خلاف آواز اٹھانا ہے، ہم سب کو مل کر پاکستان کا وقار بلند کرنا ہے، ہم سب کو مل کر پاکستان کو ترقی اور خوشحالی میں اپنا حصہ ڈالنا ہے، اپنے کردار ادا کرنا ہے، جنرل مہاسبھ شریف نے کہا کہ ہم سب کو ایک ہی قوم کی طرح رہنا ہے، ہم سب کو ایک ہی طرح کے حقوق حاصل ہیں، ہم سب کو ایک ہی طرح کے فرائض ادا کرنے ہیں، ہم سب کو ایک ہی طرح کے مواقع حاصل ہیں، ہم سب کو ایک ہی طرح کے چیلنجز کا سامنا ہے، ہم سب کو ایک ہی طرح کے خطرات کا سامنا ہے، ہم سب کو ایک ہی طرح کے مسائل




# سلیکٹر کی چار روزہ میچ نہ کھیلنے کی حکم عدولی شاہین کو مہنگی پڑ گئی

## شاہین کو اسکواڈ کا اعلان ہونے سے قبل ایک سلیکٹر نے فون کر کے چار روزہ میچ کھیلنے کا کہا، وہ بعض وجوہات کی بنا پر ایسا نہ کر پائے، اسے حکم عدولی سمجھتے ہوئے انھیں ٹیسٹ اسکواڈ سے ہی باہر کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) سلیکٹر کی حکم عدولی شاہین آفریدی کو مہنگی پڑ گئی، پیسر کو چار روزہ میچ کھیلنے سے گریز پر ٹیسٹ اسکواڈ کا حصہ نہیں بنایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق شاہین شاہ آفریدی کو عمدہ فارم کے باوجود جنوبی افریقا سے ٹیسٹ سیریز میں موقع نہیں دیا گیا، انھوں نے ون ڈے سیریز میں سب سے زیادہ 7 وکٹیں لے کر ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شاہین کو اسکواڈ کا اعلان ہونے سے قبل ایک سلیکٹر نے فون کر کے چار روزہ میچ کھیلنے کا کہا، وہ بعض وجوہات کی بنا پر ایسا نہ کر پائے، اسے حکم عدولی سمجھتے ہوئے انھیں ٹیسٹ اسکواڈ سے ہی باہر کر دیا گیا، اسی قسم کی ہدایت بابر اعظم کو بھی ملی تھی جس پر انھوں نے بھی عمل نہ کیا مگر وہ ٹیم میں شامل ہو گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایک سلیکٹر کے رویے سے قومی کرکٹرز خوش نہیں ہیں، وہ کچھ عرصے قبل ہی ریٹائر ہوئے لیکن اپنے ساتھ کھیلنے والوں کے ساتھ ہی ان کا رویہ حکمانہ ہوتا ہے۔ قریبی ذرائع نے مزید بتایا کہ شاہین بدستور ریڈ بال کرکٹ کھیلنا چاہتے ہیں اور دورۂ جنوبی افریقا کے اسکواڈ میں عدم انتخاب پر انھیں دھچکا لگا تھا، ون ڈے میچز کے بعد واپسی سے قبل بھی انھوں نے ٹیم مینجمنٹ کو پیشکش کی تھی کہ اگر وہ چاہے تو وہ ٹیسٹ میچز کیلیے بھی رک سکتے ہیں مگر کسی نے انھیں روکنے کی زحمت گوارا نہ کی۔ جنوبی افریقا کیخلاف سنچورین ٹیسٹ میں پاکستانی ٹیم میں لیفٹ آرم فاسٹ بولر کی کمی محسوس ہوئی، میر حمزہ کو بھی چار منتخب پیسرز میں شامل نہیں کیا گیا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ شاہین آفریدی کو ورک لوڈ مینجمنٹ کے نام پر ٹیسٹ اسکواڈ میں منتخب نہیں کیا گیا اور بنگلادیش پریمیئر لیگ میں شرکت کی اجازت دے دی گئی، 30 دسمبر کو شروع ہونے والے ایونٹ میں وہ فورچیون بریشال کی نمائندگی کریں گے، انھیں 15 جنوری تک کا این او سی ملا ہے، وہ 5 میچز میں حصہ لیں گے۔



لاہور 13: ویں لاہور اوپن پولیو چیمپئن شپ کے تیسرے روز بی این پولو اور ماسٹر پینٹس کی ٹیموں کے درمیان میچ کا منظر۔

## بابر اعظم نے ٹیسٹ کرکٹ میں اہم سنگ میل عبور کر لیا

### بابر اعظم کو ٹیسٹ کرکٹ میں 4 ہزار رنز مکمل کرنے کے لیے صرف 3 رنز درکار تھے، 4 بنا کر آؤٹ ہو گئے



سنچورین (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسٹار بیٹر بابر اعظم نے ٹیسٹ کرکٹ میں اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ دائیں ہاتھ کے بیٹر بابر اعظم نے ٹیسٹ کرکٹ میں 4 ہزار رنز مکمل کر لیے ہیں، انہوں نے یہ سنگل میل جنوبی افریقا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں عبور کیا۔ بابر اعظم کو ٹیسٹ کرکٹ میں 4 ہزار رنز مکمل کرنے کے لیے صرف 3 رنز درکار تھے، جو انہوں نے جنوبی افریقا کے خلاف ٹیسٹ کے پہلے دن مکمل کر لیے۔ البتہ وہ 4 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔ جنوبی افریقا کے خلاف سیریز کا پہلا ٹیسٹ بابر اعظم کے کیریئر کا 56 واں ٹیسٹ میچ ہے۔ بابر اعظم ون ڈے، ٹی ٹوئنٹی اور ٹیسٹ میں 4 ہزار رنز مکمل کرنے والے دنیا کے تیسرے اور پاکستان کے واحد بیٹر ہیں۔

## پی ایس ایل 10، آسٹریلیا اور انگلینڈ سمیت دیگر ملکوں کے مایہ ناز کھلاڑی دستیاب

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 10 کیلئے آسٹریلیا اور انگلینڈ سمیت دیگر ملکوں کے مایہ ناز کھلاڑی دستیاب ہو گئے ہیں جس سے پی ایس ایل کے قد میں اضافہ ہوا ہے جبکہ بعض ملکوں کی طرف سے آئی پی ایل کی حوصلہ افزائی اور دیگر کی حوصلہ شکنی کی کوششیں بھی بری طرح ناکام ہو گئی ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ بنگلادیش کے اہم فاسٹ بولر مستفیض الرحمان نے پی ایس ایل 10 کے ڈرافٹ کے لیے سائن کر لیا۔ مستفیض الرحمان نے آئندہ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 10 کے لیے رجسٹریشن کرائی ہے، وہ ٹورنامنٹ میں شامل ہونے والے بین الاقوامی کھلاڑیوں کے پول میں شامل ہو گئے ہیں۔ اس سے قبل، انگلینڈ کے اوپننگ بلے باز جیسن رائے نے بھی پی ایس ایل 10 کے لیے سائن اپ کیا تھا، جس نے ستاروں سے بھرپور لائن اپ میں اضافہ کیا۔

## آسٹریلوی میڈیا میں ویرات کوہلی کی بے عزتی جاری

### آسٹریلوی اوپنر سے چھیڑ چھاڑ کے بعد آسٹریلوی میڈیا نے انہیں مسخرہ قرار دیدیا



سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی میڈیا نے بھارتی کرکٹ ٹیم کے بیٹر ویرات کوہلی کی بے عزتی کرنا شروع کر دی۔ باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے پہلے دن ویرات کوہلی کی آسٹریلوی اوپنر سیم کونسٹاس کے ساتھ الجھنے اور چھیڑ چھاڑ کے بعد آسٹریلوی میڈیا نے انہیں مسخرہ قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق واقعے پر آئی سی سی کی جانب سے ویرات کوہلی کو میچ فیس کا 20 فیصد جرمانہ کرنے کے باوجود آسٹریلوی میڈیا اس معاملے کو بھولنے پر تیار نہیں ہے۔ ویرات کوہلی کو میچ فیس کا 20 فیصد جرمانہ گزشتہ روز ہی کر دیا گیا تھا تاہم جمعہ کے مقامی اخباروں میں بھارتی کرکٹر کی بے عزتی کی گئی۔ ایک اخبار میں ویرات کو کوہلی کو 'مسخرہ کوہلی' لکھا گیا اور ساتھ ہی ان کے لیے ڈرپوک کا لفظ بھی استعمال کیا گیا۔ اس کے علاوہ مقامی میڈیا نے ویرات کوہلی کی تصویر کے ساتھ بھی چھیڑ چھاڑ کی ہے۔

## سنچورین ٹیسٹ کا پہلا دن، پاکستان کے 211 رنز کے جواب میں جنوبی افریقا کے 3 وکٹوں پر 82 رنز

سنچورین (این این آئی) پہلے کرکٹ ٹیسٹ کے پہلے روز کھیل کے اختتام پر جنوبی افریقہ نے پہلی اننگز میں 3 وکٹ پر 82 رنز بنا لیے، ایڈن مارکرم 47 اور ٹمبا باوما 4 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ ہیں۔ اس سے قبل پاکستان کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 211 رنز بنا کر آل آؤٹ ہو گئی تھی، میزبان ٹیم کو پہلی اننگز کا خسارہ پورا کرنے کیلئے مزید 129 رنز کی ضرورت ہے اور اس کی 7 وکٹیں باقی ہیں۔ سنچورین کھیلے جا رہے پہلے ٹیسٹ میں ٹرسٹن اسٹبس 9، ریان ریکلٹن 8 اور ٹونی ڈی زورزی 2 رنز پر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے خرم شہزاد نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ محمد عباس نے ایک وکٹ حاصل کی۔ سیریز کے پہلے ٹیسٹ میں جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا جہاں ہوم ٹیم کے بولرز نے کنڈیشنز کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستانی بیٹرز کو بڑا ٹوٹل نہ بنانے دیا۔ پاکستان کی جانب سے کپتان شان مسعود اور صائم ایوب نے اننگز کا آغاز کیا جس کے بعد 14.1 اوورز میں 36 کے مجموعی اسکور پر شان مسعود 17 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔ اگلے اوور میں پاکستان کی دوسری وکٹ 40 رنز پر گر گئی، اس مرتبہ صائم ایوب 14 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ ایک رن کے اضافے کے بعد 4 رنز بنانے والے بابر اعظم بھی پویلین لوٹ گئے۔

## پرتگال کے سٹار فٹبالر رونالڈو کی برف کے پانی میں تیراکی



فن لینڈ (این این آئی) پرتگال کے سٹار فٹبالر رونالڈو کی برف کے پانی میں تیراکی کی ویڈیو وائرل ہو گئی۔ پرتگالی اسٹار کرسٹیانو رونالڈو فن لینڈ میں کرسمس کی چھٹیاں اپنے اہل خانہ کے ساتھ مناتے ہوئے گزار رہے ہیں، وہیں انہوں نے برف میں اپنی فٹنس کا مظاہرہ کرتے ہوئے نئی تصاویر اور ویڈیوز جاری کیں۔ سعودی النصر کیسٹار نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنی ایک ویڈیو پوسٹ کی، جس میں صرف شارٹس پہنے برف میں کھڑے ہیں، انتہائی کم درجہ حرارت پر ٹھنڈے پانی میں نہانے اور تیراکی کی مشق کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ انہوں نے ایک اور تصویر بھی پوسٹ کی جس میں وہ اپنے پٹھوں اور اعصاب کی نمائش کر رہے ہیں، سوشل میڈیا پر صارفین نے رونالڈو کی زبردست فٹنس کی تعریف کی ہے۔ برطانوی میڈیا کی متنازعہ شخصیت پیئرز مورگن نے بھی تصویر پر طنزیہ تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ "یہ میرے پیٹ کے پٹھوں کی طرح لگتا ہے" انہوں نے "میری کرسمس کرسٹیانو" کے الفاظ سے کرسمس کی مبارک باد پیش کی۔ واضح رہے کہ پرتگالی فٹ بال سٹار 2025ء کے آغاز تک سعودی لیگ میں واپس نہیں آئیں گے، وہ 9 جنوری کو اپنا پہلا میچ النصر کے ساتھ الخدود ٹیم کے خلاف کھیلیں گے۔

## ڈیوڈ ملان نے بھی پی ایس ایل کیلئے اپنی دستیابی ظاہر کر دی



لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کے لئے انگلینڈ کے معروف کھلاڑی ڈیوڈ ملان نے اپنی دستیابی ظاہر کر دی۔ انگلینڈ کے ڈیوڈ ملان نے پی ایس ایل 10 کے ڈرافٹ کے لئے خود کو رجسٹرا کرا لیا، پاکستان سپر لیگ کے 10 ویں ایڈیشن کے لئے ڈرافٹ کی تقریب گوادر میں 11 جنوری کو ہو گی۔ غیر ملکی کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کا سلسلہ جاری ہے، ڈیوڈ ملان سے قبل انگلینڈ کے ڈیوڈ ولی اور آسٹریلیا کے عثمان خواجہ کی شرکت کی تصدیق بھی پی ایس ایل انتظامیہ کر چکی ہے۔ پاکستان سپر لیگ کے ایڈیشن 10 کے لئے بنگلادیش کے فاسٹ باؤلر مستفیض الرحمان بھی اپنی دستیابی ظاہر کر چکے ہیں، جیسن رائے بھی پی ایس ایل میں کھیلتے ہوئے نظر آئیں گے۔

## آسٹریلیا کے وکٹ کیپر بیٹر ایلکس کیری پی ایس ایل ڈرافٹ کیلئے رجسٹرڈ

لاہور (این این آئی) آسٹریلیا کے وکٹ کیپر بیٹر ایلکس کیری بھی پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 2025 کے ڈرافٹ کیلئے رجسٹرڈ ہو گئے۔ پی سی بی نے اگلے ماہ ہونے والے پلیئرز ڈرافٹ کیلئے رجسٹر ہونے والا ایک اور نام جاری کر دیا۔ آسٹریلیا کے وکٹ کیپر بیٹر ایلکس کیری نے 108 ٹی ٹوئنٹی میچز میں دو سنچریوں سمیت 2387 رنز بنائے ہیں۔ پی سی بی اس سے قبل شکیب الحسن اور ڈاؤڈ ملان کی رجسٹریشن کی بھی تصدیق کر چکا ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان سپر لیگ 10 کا پلیئرز ڈرافٹ 11 جنوری کو گوادر میں منعقد ہو گا۔

## باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ کے پیچھے کہانی سامنے آ گئی

### کرسمس کے اگلے روز شروع ہونے والے روایتی ٹیسٹ میچ کو باکسنگ ڈے ٹیسٹ کہا جاتا ہے

سنچورین (این این آئی) کل سے دو باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچز شروع ہونے جا رہے ہیں اور باکسنگ ڈے ٹیسٹ سب سے زیادہ آسٹریلیا میں مقبول ہیں۔ کل سے میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں میزبان آسٹریلیا اور بھارت مدمقابل ہوں گے جبکہ سنچورین میں پاکستان اور جنوبی افریقا کی ٹیمیں کھیلیں گی۔ ہر سال جب بھی باکسنگ ڈے ٹیسٹ آتا ہے تو کرکٹ کے شائقین کا تجسس بڑھ جاتا ہے کہ کرسمس کے اگلے روز شروع ہونے والے روایتی ٹیسٹ میچ کو باکسنگ ڈے ٹیسٹ کیوں کہا جاتا ہے۔ باکسنگ ڈے ٹیسٹ میچ زیادہ تر آسٹریلیا میں مقبول ہے جو کرسمس کے بعد 26 دسمبر سے روایتی طور پر شروع ہوتا ہے جہاں میزبان ٹیم کا مہمان ٹیم سے تاریخی میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں مقابلہ ہوتا ہے۔

## تمغہ جیتنے والے اولمپیئنز اور عالمی چیمپیئنز کیلئے گولڈ کارڈ جاری کرنے کی منظوری

### پاکستان سپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، کھیل کے حلقوں کی طرف سے خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نے تمغہ جیتنے والے اولمپیئنز اور عالمی چیمپیئنز کے لیے گولڈ کارڈ جاری کرنے کی منظوری دے دی ہے، جس کا مقصد بین الاقوامی سطح پر ان کی کامیابیوں کو تسلیم کرنا اور ان کو اعزاز دینا ہے۔ پی ایس بی کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق گولڈ کارڈ پاکستان کی کھیلوں کی میراث میں کھلاڑیوں کی شراکت کے لیے شکر گزاری کے نشان کے طور پر کام کرے گا، یہ خصوصی فوائد فراہم کرتا ہے، اسلام آباد میں پاکستان سپورٹس کمپلیکس اور ملک بھر میں پی ایس بی کوچنگ سینٹرز میں کھیلوں کی تمام سہولیات تک مفت رسائی فراہم کرتا ہے، کارڈ ہولڈرز پی ایس بی ہاسٹلز میں فی کیلنڈر سال 20 دن تک مفت رہائش کا لطف اٹھائیں گے، اعزازی حد سے آگنیو رڈ سے منظور شدہ نرخوں پر رہائش حاصل کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہل کھلاڑی گولڈ کارڈ کے لیے اپنی متعلقہ نیشنل سپورٹس فیڈریشنز کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں، نیشنل سپورٹس فیڈریشنز درخواست دہندگان کی اسناد کی تصدیق کرے گا، بشمول میڈل جیتنے والے، اولمپیئن، یا عالمی چیمپئن کے طور پر ان کی حیثیت اور درخواست کو معاون دستاویزات کے ساتھ پی ایس بی کے ڈائریکٹر جنرل کو بھیجے گا، درخواستوں کا جائزہ ایک وقف کمیٹی کے ذریعہ لیا جائے گا اور کامیاب تصدیق کے بعد پی ایس بی کے ڈائریکٹر جنرل گولڈ کارڈ کی منظوری جاری کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ کارڈ کی میعاد پانچ سال ہو گی۔




## ڈیلس کے شائقین ہانیہ عامر اور فہد مصطفیٰ سے دل شکستہ

### ہانیہ عامر اور فہد مصطفیٰ الوداع کہے بغیر ہی تقریب سے چلے گئے



ڈیلس (این این آئی) ہانیہ عامر اور فہد مصطفیٰ گزشتہ رات ڈیلس میں ہونے والی اپنی حالیہ ملاقات اور مبارکباد کے سیشن کے بعد زیر بحث ہیں۔ اطلاعات کے مطابق ہانیہ عامر ایک گھنٹے کے اندر ہی تقریب کے شرکا کو الوداع کہے بغیر تقریب سے چلی گئیں۔ ہانیہ عامر اور فہد مصطفیٰ "کبھی میں کبھی تم" میں شرجینا اور مصطفیٰ کے روپ میں نظر آنے کے بعد شاندار کامیابی کے بعد مداحوں کے دلوں پر راج کر رہے ہیں۔ آن اسکرین ہٹ جوڑی ان دنوں امریکہ میں ہیں اور وہ اپنے مداحوں کے ساتھ ملاقات اور مبارکباد کی تقریبات میں شرکت کر رہے ہیں۔ وہ ایسے ہی ایک پروگرام کے لیے دلاس میں تھے جہاں بعد میں معاملات خراب ہو گئے۔ ہانیہ عامر اور فہد مصطفیٰ الوداع کہے بغیر ہی تقریب سے چلے گئے۔ بعد ازاں یہ کہا جانے لگا کہ ہانیہ کاشو کے منتظمین سے جھگڑا ہوا جس کے نتیجے میں اسٹارز ایونٹ چھوڑ کر چلے گئے۔ ہانیہ عامر نے اس واقعے کی وضاحت دیتے ہوئے بتایا کہ انتظامیہ اور ہجوم کی جانب سے ان کی منیجر مائدہ عظمت کے ساتھ بدتمیزی کے بعد وہ ایونٹ چھوڑ کر چلی گئیں۔ جبکہ سامعین کا کہنا تھا کہ اداکار تقریب میں تاخیر سے پہنچے اور پینتیس منٹ بعد چلے گئے۔ حال ہی میں سامعین کی ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جس میں وہ اپنے پسندیدہ اسٹارز ہانیہ عامر اور فہد مصطفیٰ کے مایوسانہ رویے کی شکایت کرتے نظر آئے۔ سامعین میں شامل متعدد دیگر افراد نے بھی پاکستانی ستاروں کے نامناسب رویے پر مایوسی کا اظہار کیا۔

## بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان 59 سال کے ہو گئے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان 59 سال کے ہو گئے۔ ایکشن ہو یا تھرل، رومینس ہو یا ٹریجڈی سلمان خان کی تمام فلمیں ہی بھارت سمیت بیرون ملک ہٹ ہوئیں۔ دنیا فلم انڈسٹری کے چمکتے دمکتے اس ستارے کو بھائی جان، دبنگ خان اور سپر اسٹار کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ 100 کروڑ سے زیادہ کا بزنس کرنے والی فلمیں ہوں یا انڈسٹری میں نئے آنے والوں کی مدد کرنا، اس معاملے میں سلمان خان جیسا دوسرا کوئی نہیں۔ مداحوں کی جانب سے سلمان خان کو سالگرہ کی مبارک باد دینے کے ساتھ ساتھ ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا جا رہا ہے۔ کام کے حوالے سے بات کی جائے تو سلمان کی اگلی فلم سکندر 2025ء میں عید کے موقع پر ریلیز کی جائے گی۔

## اداکارہ جویریہ سعود نے شادی کی 19 ویں سالگرہ پر اپنے نکاح کی ویڈیو شیئر کر دی

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ جویریہ سعود نے شادی کی 19 ویں سالگرہ پر اپنے نکاح کی ویڈیو شیئر کر دی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر جویریہ سعود نے شادی کی 19 ویں سالگرہ پر اپنے نکاح کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے 'یادگار لمحہ' قرار دیا۔ شیئر کی گئی ویڈیو میں قاضی کو جویریہ بنت جلیل کو 51 ہزار روپے حق مہر کے عوض سعود اشرف قاسمی سے نکاح کیلئے رضامندی لیتے دیکھا جا سکتا ہے۔ دوسری جانب سعود کو بھی خوشگوار ماحول میں جویریہ سے نکاح کیلئے ہامی بھرتے دیکھا گیا۔ شیئر کی گئی ویڈیو میں جویریہ کو اپنے نکاح کے روز ریڈ اینڈ پنک عروسی لباس میں گھونگھٹ ڈالے جبکہ سعود کو آف وائٹ شیروانی پر مہرون کلا زیب تن کیے

## میں سری دیوی سے محبت کرتا تھا، کرتا ہوں، مرتے دم تک کرتا رہوں گا، بونی کپور

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف فلم ساز بونی کپور نے حالیہ انٹرویو میں اپنی آنجہانی بیوی سری دیوی سے اپنی ابدی محبت کا اظہار کرتے ہوئے جذباتی انکشافات کیے ہیں۔ 24 فروری 2018 کو سری دیوی کی المناک موت کے بعد، بونی کپور کی وفاداری اور ان سے محبت کی کہانیاں ہمیشہ خبروں میں رہتی ہیں۔ بونی کپور نے کہا: میں سری دیوی سے محبت کرتا تھا، کرتا ہوں، اور مرتے دم تک کرتا رہوں گا۔ ان کے مطابق، سری دیوی جیسی مشہور شخصیت کا ان کے ساتھ زندگی گزارنے کا فیصلہ ان کی زندگی کی سب سے بڑی خوشی تھی۔ بونی نے اعتراف کیا کہ سری دیوی کی موت کے بعد بھی ان کی محبت ہمیشہ زندہ رہے گی۔

## کرن جوہر اور کارتک آریان کے درمیان صلح، ایک ساتھ فلم کرنے کا اعلان



ممبئی (این این آئی) مشہور بھارتی فلمساز، پروڈیوسر اور ٹی وی میزبان کرن جوہر اور بالی ووڈ کے سپر اسٹار کارتک آریان کے درمیان اختلافات ختم ہو گئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کرن نے تصدیق کی ہے کہ وہ کارتک کے ساتھ ایک نئی رومانوی کامیڈی فلم پر کام کریں گے جو فلم بینوں کو بیحد پسند آئے گی۔ واضح رہے کہ 2021 میں اطلاعات تھیں کہ 34 سالہ کارتک آریان اور 52 سالہ کرن جوہر کے درمیان تنازع کی وجہ سے کارتک نے فلم 'دوستانہ 2' چھوڑ دی تھی۔ اس واقعے کے بعد تین سال تک دونوں کے تعلقات کشیدہ رہے، لیکن اب یہ معاملات حل ہو چکے ہیں۔ کرن اور کارتک ایک نئی رومانوی کامیڈی فلم 'تو میری میں تیرا، میں تیرا تو میری' میں کام کرنے پر متفق ہو گئے ہیں جو جلد سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ کارتک آریان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر فلم کی پروموویڈیو بھی شیئر کی ہے جس کو مداحوں کی جانب سے بیحد پسند کیا جا رہا ہے۔

## والدین کی طلاق سے یہ پتہ چلا عورت کو کیوں خود مختار ہونا چاہیے، گلوکارہ شروتی ہاسن



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اور ساؤتھ فلموں کی معروف اداکارہ اور گلوکارہ شروتی ہاسن نے کہا کہ انھیں اپنے والدین کی طلاق سے یہ پتہ چلا عورت کو کیوں خود مختار ہونا چاہیے۔ واضح رہے کہ 38 سالہ شروتی ہاسن بالی ووڈ اور ساؤتھ کے سینیئر اداکار، فلمساز، پروڈیوسر، اسکرین رائٹر اور سیاستدان کمل ہاسن اور ماضی کی اداکارہ ساریکا ٹھاکر کی بیٹی ہیں۔ کمل ہاسن اور ساریکا کی 1988 میں شادی ہوئی تاہم 2004 میں طلاق ہو گئی۔ شروتی کو والدین کی طلاق کی وجہ سے پیدا ہونے والی تکلیف دہ حالات کی وجہ سے یہ معلوم ہوا کہ مالی طور پر آزاد ہونا کتنا اہم ہوتا ہے۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شروتی ہاسن نے کہا کہ وہ ایک بہت خوبصورت خاندان میں پیدا ہوئیں جہاں فنکار اور ذہین والدین تھے اور خدا نے بہت ساری آسائشیں دی تھیں۔ لیکن میں نے زندگی کا دوسرا پہلو اس وقت دیکھا جب والدین کی طلاق ہوئی۔ خاص طور پر ایک بیٹی ہونے کے ناتے اپنی ماں کی طلاق نے مجھے یہ اہم سبق سکھایا کہ عورت کیلئے خود مختار ہونا کیوں ضروری ہے۔

## میری برتھ ڈے تھی لیکن میرے گھر والوں نے اس روز ہی بختیار کو گھر سے نکال دیا، اداکارہ طناز ایران



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی معروف اور سپر ہٹ فلموں میں بطور معاون اداکارہ جلوہ گر ہونے والی طناز ایرانی نے دونوں شوہروں سے شادی کی صورت پیش آنیوالی مشکلات کا ذکر کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پارسی مذہب سے تعلق رکھنے والی 52 سالہ بالی وڈ اداکارہ طناز ایرانی اس وقت 3 بچوں کی ماں ہیں جن میں سے ایک اولاد ان کے پہلے شوہر اور دو بچے دوسرے شوہر سے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق طناز ایرانی نے پہلی شادی 18 سال بڑے اسٹیج اور ڈرامہ آرٹسٹ فرید کریم کے ساتھ 20 سال کی عمر میں کی تھی لیکن ان کی یہ شادی زیادہ نہیں چل سکی تھی۔ بھارتی میڈیا کا بتانا ہے کہ شادی ٹوٹنے کی وجہ عمروں اور مذہب کا فرق تھا، مسلم شخص سے شادی کی وجہ سے طناز ایرانی کو برادری سے باہر نکال دیا گیا تھا۔ طناز ایرانی نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ کے دوران دوسرے شوہر بختیار سے محبت اور شادی پر بات کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ وہ اور بختیار شادی سے ایک سال قبل ہی ساتھ تھے لیکن دونوں کی فیملیز رشتے کیلئے رضامند نہ تھیں۔ طناز ایرانی نے شادی سے قبل اپنی سالگرہ پر ہونے والی بدمزگی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ میری برتھ ڈے تھی لیکن میرے گھر والوں نے اس روز ہی بختیار کو گھر سے نکال دیا اور مجھے خبردار کیا کہ اگر میں بختیار سے رشتہ بنانا چاہوں تو مجھے بھی گھر سے نکال دیا جائے گا'۔ اداکارہ کے مطابق 'بختیار میرے گھر کے نیچے کھڑا رو رہا تھا، اس کے بعد میری فیملی نے مجھے بھی گھر سے باہر نکال دیا، ہمارے پاس رہنے کیلئے کوئی جگہ نہیں تھی، بختیار نے ہی میرے لیے رہنے کا بندوبست کیا'۔ طناز ایرانی نے انکشاف کیا کہ ہم دونوں کی فیملیز اس رشتے کی مخالف تھیں لیکن ہم نے بھی فیصلہ کیا کہ ہم جب تک شادی نہیں کریں گے جب تک ہمارے گھر والے نہیں مان جاتے، بعد ازاں دونوں کے گھر والے شادی کے لیے راضی ہو گئے جس کے بعد دونوں نے شادی کر لی۔



## مجھے سلمان خان سے محبت تھی، سشمیتا کا انکشاف



## سشمیتا سین اور سلمان خان فلم بیوی نمبر 1 کے علاوہ تم کو نہ بھول پائیں گے اور میں نے پیار کیوں کیا؟ میں بھی ایک ساتھ جلوہ گر ہو چکے ہیں

ممبئی (این این آئی) سشمیتا سین نے سلمان خان کیلیے اپنی محبت کا انکشاف کرتے ہوئے 'میں نے پیار کیا' کے پوسٹرز کو مقدس قرار دیا ہے۔ نامور اداکارہ سشمیتا سین کا کہنا ہے کہ سلمان خان ان کی محبت ہیں اور یہ بھی کہا کہ ان کے لیے فلم میں نے پیار کیا کے پوسٹرز مقدس ہیں۔ اداکارہ سشمیتا سین 1999 کی فلم 'بیوی نمبر 1' میں سلمان خان کے مقابل جلوہ گر ہوئیں لیکن وہ اس سے کئی سال قبل ہی بطور پرستار سلمان خان کی محبت میں گرفتار تھیں۔ ایک یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے سشمیتا سین کا کہنا تھا کہ "جو بھی پاکٹ منی ملتی، میں سلمان خان کے پوسٹرز خریدتی۔ ان دنوں فلم میں نے پیار کیا ریلیز ہوئی تھی، اس لیے میرے پاس اس فلم کے کبوتروں کی تصویر بھی تھی کیونکہ وہ سلمان خان کی فلم سے جڑی ہوئی تھی۔" انہوں نے ان پوسٹرز کو 'مقدس' قرار دیا اور بتایا، "میرے والدین ہمیشہ کہتے تھے کہ اگر ہوم ورک وقت پر نہ ہوا تو یہ پوسٹرز ہٹا دیے جائیں گے۔ اس لیے میں ہمیشہ وقت پر ہوم ورک مکمل کرتی تھی کیونکہ وہ پوسٹرز میرے لیے بہت اہم تھے۔ میں اس آدمی کی محبت میں گرفتار تھی۔" خیال رہے کہ سشمیتا سین اور سلمان خان فلم بیوی نمبر 1 کے علاوہ تم کو نہ بھول پائیں گے اور میں نے پیار کیوں کیا؟ میں بھی ایک ساتھ جلوہ گر ہو چکے ہیں۔ سشمیتا سین نے سلمان خان کیلیے اپنی محبت کا انکشاف کرتے ہوئے 'میں نے پیار کیا' کے پوسٹرز کو مقدس قرار دیا ہے۔ نامور اداکارہ سشمیتا سین کا کہنا ہے کہ سلمان خان ان کی محبت ہیں اور یہ بھی کہا کہ ان کے لیے فلم میں نے پیار کیا کے پوسٹرز مقدس ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض

# صنعت وتجارت نیوز

## معیشت نامہ

## شیخوپورہ: ٹریفک پولیس اہلکار تجاوزات کیخلاف ان ایکشن

### ریڑھی بانوں، ڈھابہ فروشوں سمیت دوکانوں کے باہر رکھا سامان قبضے میں لے لیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب اور ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پولیس کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی ٹریفک سرباہی خان کی قیادت میں ٹریفک پولیس اہلکاروں نے عملہ تہہ بازاری کی مدد سے شہر کی مختلف سڑکوں پر سے تجاوزات کا خاتمہ کیا آپریشن کے دوران ریڑھی بانوں اور ڈھابہ فروشوں سمیت مختلف دکانداروں کا سڑکوں پر رکھا گیا سامان بھی قبضہ میں لیا گیا تجاوزات ہٹانے سے سڑکیں کشادہ ہوگئیں اور ٹریفک کی روانی بھی بحال ہوئی جس سے شہریوں کو آمد ورفت میں لاحق مشکلات کا خاتمہ ہوا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی ایس پی ٹریفک سرباہی خان نے کہا کہ تجاوزات قائم کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی تجاوزات کی بھرمار ٹریفک کی روانی میں شدید خلل کا باعث بن رہی ہے شہر میں روڈز کے دونوں اطراف قائم دکانوں کے مالکان کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنا سامان دکانوں تک محدود رکھیں اگر کسی دکاندار نے اس ہدایت پر عملدرآمد نہ کیا تو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

## پنجاب لیڈ ریکارڈز اتھارٹی: سافٹ ویئر میں اہم تبدیلیاں

### زیر التواء رجسٹری اور انتقال کی صورت میں اگلا نیا انتقال پاس نہیں کیا جا سکے گا

گوجرانوالہ (رانا فخر اقبال/قوت بیورو) پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کی جانب سے انتقالات و رجسٹریوں کے اتوار کی روک تھام کیلئے سافٹ ویئر میں اہم تبدیلیاں۔ زیر التواء رجسٹری اور انتقال کی صورت میں اگلا نیا انتقال پاس نہیں کیا جا سکے گا۔ (ترجمان) پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی نے صارفین کی سہولت کے لیے سنٹرل لینڈ ریکارڈز مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے سافٹ ویئر میں انتہائی اہم تبدیلیاں کی ہیں۔ ان تبدیلیوں سے پہلے، بہت سے کیسز میں ریونیو افسران اور سب رجسٹرار پارٹیوں کے بائیومیٹرک ویریفیکیشن اور بیانات ریکارڈ کرنے کے بعد انتقالات اور رجسٹری کا فیصلہ نہیں کرتے تھے۔ جس کی وجہ سے زیر التواء انتقالات اور رجسٹریوں میں مسلسل اضافہ ہوتا رہتا تھا۔ اس وجہ سے صارفین کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ ریونیو افسران یا سب رجسٹرار کے تبادلے کی صورت میں پارٹیوں کو دوبارہ سے انتقالات و رجسٹریوں کے بائیومیٹرک ویریفیکیشن اور بیانات خود ریکارڈ نہیں کیے ہوتے تھے۔ سافٹ ویئر میں نئی تبدیلیوں کے تحت سب رجسٹرار اور ریونیو افسران کی جانب سے فزیکل کی ویریفیکیشن اور بیانات ریکارڈ کرنے کے بعد سافٹ ویئر ان کو پابند کرے گا کہ وہ ہر صورت میں اس کا فیصلہ کریں اور اس کو زیر التوا نہیں رکھا جا سکے گا۔ سافٹ ویئر میں اس تبدیلی کی بدولت انتقالات اور رجسٹری کو زیر التوا رکھنے کا باب ہمیشہ کے لیے بند ہو جائے گا۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی اکرام الحق کا کہنا ہے کہ صارفین کو شفاف، تیز ترین خدمات کی فراہمی اور مالکان کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانے کے لیے پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی دن رات کوشاں ہے۔

## ڈسکہ شہر اور مضافات میں موسم سرما کی پہلی بارش، دن بھر بجلی بند رہنے کی وجہ سے شہریوں کیلئے زحمت بن گئی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر اور مضافات میں موسم سرما کی پہلی بارش دن بھر بجلی بند رہنے کی وجہ سے شہریوں کیلئے زحمت بن گئی سینکڑوں شہری نماز جمعہ کی ادائیگی سے محروم رہ گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دن کے آغاز سے ہی آسمان پر گھرے بادل چھا گئے جو موسم سرما کی پہلی بارش کا باعث بن گئے اور کبھی ہلکی تو کبھی تیز بارش کا سلسلہ شام تک جاری رہا بارش شروع ہوتے ہی ڈسکہ شہر اور مضافات میں بجلی بند کر دی گئی بجلی کی بندش کئی گھنٹے تک جاری رہا جس سے گھروں اور مساجد میں پانی ختم ہو گیا جس کی وجہ سے مساجد میں نمازیوں کی تعداد بھی بہت کم رہی شہریوں نے کہا کہ ادھر بارش کی بوند گرتی ہے تو ڈسکہ میں بجلی بند ہو جاتی ہے بجلی کے بھاری بلوں کی ادائیگی کے باوجود صارفین کو سہولیات میسر نہیں انہوں نے چیف آفیسر گھمکھو سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## ڈسٹرکٹ بار کے سابق صدر کی قیادت میں وکلاء وفد کی ڈپٹی کمشنر سے ملاقات

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار کے سابق صدر محمد ارشد مہند ایڈووکیٹ، سابق صدر میڈم خالدہ شاہد ایڈووکیٹ کی قیادت میں وکلاء کے وفد نے ڈپٹی کمشنر سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے بار کی رکن مس رت رخسانہ ایڈووکیٹ کے ہمراہ کرسمس کا کیک بھی کاٹا۔ اس موقع پر چوہدری معظم بھلوان، شہزاد قمر چٹھہ فرقان علی مہند بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ کریکٹن کمیونٹی بھی پاکستان کے ترقی وخوشحالی کے لئے کوشاں ہے۔ اور انکی ان کاوشوں کو وہ تحسین کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

## ملازمین کے قانونی اور معاشی قتل کے خلاف احتجاجی تحریک کا آغاز کر دیا گیا، نصیر الدین ہمایوں ملک

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) حکومت پنجاب کے سرکاری و نیم سرکاری بلدیاتی ملازمین کیخلاف کالے قانونی اور معاشی قتل کے خلاف احتجاجی تحریک کا آغاز کر دیا گیا ہے، گوجرانوالہ میں تمام ملازمین بالخصوص بلدیاتی ملازمین نے دفاتر میں احتجاجی بینرز اور فلیکس وغیرہ لگا دی ہیں۔ اور ملازمین احتجاجا سیاہ پٹیاں باندھ کر اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں اور ملازمین نے اپنے معاشی قتل کے خلاف احتجاج کی آواز بلند کر دی۔ احتجاجی تحریک کا دائرہ کار بڑھا دیا گیا ہے۔۔ ان خیالات کا اظہار نصیر الدین ہمایوں ملک مرکزی جنرل سیکرٹری آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن پاکستان نے میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ کے ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

## وٹامن اے اور ڈی کی کمی: نیوٹریشن انٹرنیشنل کا آگاہی سیمینار

### آگاہی سیشن میں ڈسٹرکٹ جھنگ کی 30 سے زائد لیڈی ہیلتھ سپروائزرز اور کرز نے شرکت کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) نیوٹریشن انٹرنیشنل نے محکمہ صحت کے اشتراک سے خوردنی تیل کی فورٹیفیکیشن کے فوائد ,اور وٹامن اے اور ڈی کی کمی کو دور کرنے میں اس کا کردار کے بارے میں ایک آگاہی سیشن کا اہتمام کیا۔ آگاہی سیشن میں ڈسٹرکٹ جھنگ کی 30 سے زائد لیڈی ہیلتھ سپروائزرز اور کرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر فوڈ فورٹیفیکیشن پروگرام کے زونل مینیجر محمد عرفان نے فورٹیفیکیشن پروگرام کے فوائد اور وٹامن اے کی کمی کو دور کرنے میں فوڈ فورٹیفیکیشن کے کردار کے حوالے سے آگاہی دی۔ انہوں نے آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں نصف سے زیادہ خواتین اور بچوں کی آبادی مائیکرو نیوٹرینٹس کی کمی کا شکار ہیں جس میں آئرن وٹامن اے اور وٹامن ڈی سرفہرست ہیں ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان میں تقریباً 9.9 ملین (99 لاکھ) لوگ ہڈیوں کے بھربھرے پن کا شکار ہیں جن میں 7.2 ملین (72 لاکھ) تعداد خواتین کی ہے۔ مزید یہ کہ فذائیت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے فورٹیفیکیشن ایک آسان اور قابل عمل طریقہ کار ہے۔ جو کہ وٹامنز اور منرلز کی موجودگی کو کم سے کم لاگت سے ممکن بناتا ہے اور یہ کہ لوگوں کی غذائی عادات کو تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ زونل مینیجر نے مزید کہا کہ کھلا اور غیر صاف شدہ تیل مختلف مہلک بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ اس موقع پر انچارج IRMNCH پروگرام ڈسٹرکٹ جھنگ ڈاکٹر عمبرین سرور بھی موجود تھیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں اس امر پر زور دیا کہ مارکیٹ میں موجود تمام خوردنی آئل وٹامن اے اور ڈی سے فورٹیفائیڈ ہوں۔ انہوں نے شرکا کے سے کہا کہ یہاں سے حاصل شدہ معلومات لوگوں تک بھی پہنچائیں۔ انہوں نے اس موقع پر اس آگاہی سیشن کے لیے نیوٹریشن انٹرنیشنل کا شکریہ ادا کیا اور نیوٹریشن انٹرنیشنل کی کاوشوں کو سراہا۔

## گوجرانوالہ: پنجاب فوڈ اتھارٹی نے رواں سال کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی

### 20 ہزار سے 800 زائد فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، 1850 سے زائد کو ایک کروڑ کے جرمانے

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) کھیت سے پلیٹ اور فارم سے صارف تک غذائیت سے بھرپور خوراک اولین ترجیح، پنجاب فوڈ اتھارٹی کی 2024ء کی کارکردگی رپورٹ جاری۔ 20 ہزار سے 800 زائد فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، 1850 سے زائد کو ایک کروڑ 99 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد، 38 سے زائد یونٹس بند، 12 مقدمات درج۔ 30 ہزار 345 لیٹر ملاوٹی دودھ، 2 ہزار 659 لیٹر ریمنڈ آئل، 1 ہزار 970 کلو مردہ مرغیاں، 900 کلو سے زائد ایکسپائرڈ، ممنوعہ اشیاء، 767 کلو دالیں اور 500 ٹوٹے انڈوں سمیت دیگر بھاری مقدار میں جعلی شہد، بیسن اور پانی ملے علی الصبح ناکہ بندیاں کر کے 10 ہزار 471 گاڑیوں اور 2 ہزار 744 دکانوں میں موجود 38 لاکھ 18 ہزار 304 لیٹر دودھ کی چیکنگ کی گئی۔

## بابا جی ڈویلپرز کی طرف سے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے اعزاز میں تقریب

### مقررین نے اس موقع پر انتخابی مہم میں شانہ بشانہ چلنے کی یقین دھانی کروائی



شکوپورہ (بیورو رپورٹ) شکوپورہ: بابا جی ڈویلپرز کی طرف سے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار چوہدری امجد علی گوپے، ایڈووکیٹ، امیدوار جنرل سیکرٹری شمس حسن بھٹی ایڈووکیٹ اور امیدوار نائب صدر حافظ زاہد منیر ایڈووکیٹ کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ممبر پنجاب بار کونسل رانا سیف اللہ خان ایڈووکیٹ، رکن قومی اسمبلی چوہدری خرم شہزاد ورک ایڈووکیٹ، صدر بار سجاد باقر ڈوگر، چوہدری زمان اسحاق گجر ایڈووکیٹ علی اسحاق گجر، علی اسحاق گجر، چوہدری نجیب ارشاد گجر، میاں افضال حیدر، میاں علی بشیر ایڈووکیٹ، چوہدری فیض الرسول گجر، شکیل عطاء اللہ ورک ایڈووکیٹ، سید حمزہ سجاد شاہ ایڈووکیٹ، قاری عبدالباسط شیخوپوری، معروف سیاسی سماجی شخصیت و چیف ایگزیکٹو بابا جی ڈویلپرز چوہدری محمد اسحاق گجر، ملک محمد یوسف، عمران اسحاق گجر و دیگر نمائندہ شخصیات سمیت اراکان بار ایسوسی ایشن نے بڑی تعداد میں شرکت کی، شرکا کی تواضع پرتکلف کھانوں سے کی گئی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چوہدری امجد علی گوپے، راء شمس حسن بھٹی اور حافظ زاہد منیر نے کہا کہ وکلاء برادری کا بھرپور اعتماد ہماری کامیابی کی ضمانت ہے ان شاء اللہ کامیاب ہو کر وکلاء کے اعتماد پر پورا اتریں گے اور بار ایسوسی ایشن کو فعال اور وکلاء کے انفرادی واجتماعی مسائل کے حل میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی مقررین نے چوہدری زمان اسحاق گجر ایڈووکیٹ چوہدری نجیب ارشاد گجر، چوہدری علی اسحاق گجر کی طرف سے پروقار تقریب کے انعقاد کو سراہا اور حمایت کے اعلان پر شکریہ ادا کیا جبکہ چوہدری زمان اسحاق گجر ایڈووکیٹ نے منعقدہ امیدواروں کی جیت کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے انتخابی مہم میں شانہ بشانہ چلنے کی یقین دھانی کروائی۔

## مجلس وحدت المسلمین کے سینکڑوں کارکنان کا ختم نبوت چوک میں احتجاجی دھرنا شدید نعرے بازی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مجلس وحدت المسلمین کے سینکڑوں کارکنان کا ختم نبوت چوک میں احتجاجی دھرنا شدید نعرے بازی تفصیلات کے مطابق مجلس وحدت المسلمین آئی ایس او و دیگر تنظیمات کے زیر اہتمام جامع مسجد صاحب الزمان جھنگ روڈ چنیوٹ سے ایک بہت بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت مجلس وحدت المسلمین کے رہنماؤں علامہ واجد علی نقوی حاجی سید محمد رضا شاہ، سید عاشق حسین بخاری سید اخلاق الحسن شاہ سید محمد عباس شاہ نے کی احتجاجی ریلی کے شرکا نے ختم نبوت چوک میں احتجاجی دھرنا دیا اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پارا چنار میں آئے روز شیعہ کمیونٹی کا قتل عام کیا جا رہا ہے، جس کی ہم پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں حکومت پارا چنار کے مظلوم لوگوں کو انصاف دینے میں ناکام ہو چکی ہے ہم اپنے مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رکھیں گے ہمارا دھرنا ظلم کے خلاف ہے حکومت پارا چنار سے دہشت گردوں کا خاتمہ کرے۔

## ڈی ایس پی ٹریفک کا تجاوزات کے خلاف آپریشن، تجاوزات ہٹا دیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈی ایس پی ٹریفک زبیر اختر بہادر نے اپنے ملازمین کے ہمراہ گذشتہ روز شہر کے مختلف مقامات پر تجاوزات کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے گوجرانوالہ روڈ، شاہین مارکیٹ اور کچہری بازار کے قریب سے تجاوزات کو ختم کروا دیا۔ مذکورہ تجاوزات ٹریفک کی روانگی میں حائل ہو رہی تھیں۔ اس موقع پر ڈی ایس پی ٹریفک زبیر اختر کا کہنا تھا کہ شہر بھر میں ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کے لئے وہ اپنی تمام تر مساعی بروئے کار لائیں گے اور جہاں پر بھی تجاوزات پائی گئیں انہیں فوری طور پر دور کروایا جائے گا۔ انہوں نے دوکانداروں اور تاجروں پر زور دیا کہ وہ تجاوزات قائم کر کے شہریوں کے مشکلات پیدا نہ کریں۔

## انجمن تاجران ضلع چنیوٹ کے صدر حاجی محمد جمیل فخری کی قیادت میں تاجروں کے وفد کی ملاقات

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انجمن تاجران ضلع چنیوٹ کے صدر حاجی محمد جمیل فخری کی قیادت میں تاجروں کے وفد کی اے ڈی سی جی طلحہ سعید سے ملاقات تاجروں نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا جس پر اے ڈی سی جی طلحہ سعید نے کہا کہ تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے تاجر کمیونٹی پاکستان کی معیشت میں بڑا اہم کردار ادا کر رہی ہے جبکہ صدر انجمن تاجران حاجی محمد جمیل فخری و دیگر عہدیداران سید ہاشم شاہ، راجہ ریاض احمد خان مہر شاہد شیخ محمد ندیم ملک محمد عرفان نے اے ڈی سی جی طلحہ سعید کا شکریہ ادا کیا اور ان کو اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

## علی نیئر ایڈووکیٹ وانکی بیوی کی نماز جنازہ مراکیوال میں ادا

### ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس سمیت وکلاء ڈسٹرکٹ بار کی کثیر تعداد میں شرکت



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے معروف نوجوان وکیل علی نیئر اعوان ایڈووکیٹ بانی کورٹس، صدر سیالکوٹ بار و سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راست نذیر وینس وشرکاء نے کہا کہ ہم بدقسمت کارحادثہ میں تعمیر امل بننے والے اپنے پیارے ساتھی علی نیئر اعوان بھائی اور انکی شریک حیات کی وفات پر گہرے دکھ کی کیفیت میں ہیں اللہ تعالیٰ انکی ارواح کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ تعزیتی بیان میں ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ بانی کورٹس، صدر سیالکوٹ بار و سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راست نذیر وینس وشرکاء نے کہا کہ ہم بدقسمت کارحادثہ میں تعمیر امل بننے والے اپنے پیارے ساتھی علی نیئر اعوان بھائی اور انکی شریک حیات کی وفات پر گہرے دکھ کی کیفیت میں ہیں اللہ تعالیٰ انکی ارواح کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

## مرید کے نارنگ نارووال کرتار پور روڈ کی تعمیر ومرمت پر مبینہ کرپشن

### مہنگی ریت کی جگہ سستی مٹی ڈال کر خانہ پری کی جا رہی ہے اہل علاقہ کا شدید احتجاج

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مرید کے نارنگ نارووال کرتار پور روڈ کی تعمیر ومرمت پر مبینہ کرپشن ناقص اور غیر معیاری میٹریل کا استعمال جاری ہے ریت کی بجائے مبینہ طور پر مٹی ڈالی گئی ہے جس سے اخراجات بچا کر ہڑپ کر لیے جائیں گے اہل علاقہ نے احتجاج کرتے ہوئے منتخب نمائندوں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین وفاقی وزیر احسن اقبال سمیت پنجاب حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی ٹیکس سے بننے والی اہم ترین شاہراہ کی تعمیر ومرمت میں معیاری میٹریل کا استعمال کیا جائے تاکہ دیرپا اور مضبوط شاہراہ بنائی جا سکے۔ کرپشن کی جاری ہے ناقص میٹریل کا استعمال جاری ہے، ریت کی بجائے مبینہ طور پر مٹی ڈالی گئی ہے جس سے اخراجات بچا کر ہڑپ کر لیے جائیں گے اہل علاقہ نے احتجاج کرتے ہوئے منتخب نمائندوں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین وفاقی وزیر احسن اقبال سمیت پنجاب حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی ٹیکس سے بننے والی اہم ترین شاہراہ کی تعمیر ومرمت میں معیاری میٹریل کا استعمال کیا جائے تاکہ دیرپا اور مضبوط شاہراہ بنائی جا سکے۔

## تہذیب یافتہ اقوام ہمیشہ رول آف لاء پر عملدرآمد کرتی ہیں، حکیم اویس عادل قریشی

### کلائنٹس کی وکالت بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے کرتی ہوں، عاصمہ اویس قریشی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) معزز و شائستہ قومیں قانون پر عملدرآمد سے پہچانی جاتی ہیں۔ وطن عزیز پاکستان میں رہنے والے اور غیر ممالک میں مقیم تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے پاکستانی یہ کوشش کریں انکے افکار و کردار سے وطن عزیز کا دنیا بھائے ممالک میں عزت و وقار بڑھے۔ ان باتوں کا اظہار معروف فوجداری وسول وکلاء حکیم اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ بانی کورٹس و میڈیم عاصمہ اویس عادل قریشی ایڈووکیٹ بانی کورٹس نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کہیں بھی ہوں ہمیں اخلاقیات کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایک پروفیشنل وکیل اپنے مؤکل کیلئے مسیحا کی طرح ہوتا ہے۔

## ڈھونیکی میں بگا برادران کی طرف سے کبڈی میچ کا انعقاد

### ایم پی اے وقار احمد چیمہ، ملہی گروپ آف کمپنیز کے آنر چوہدری ندیم اختر ملہی و دیگر کی شرکت



وزیر آباد (نامہ نگار) موضع ڈھونیکی میں بگا برادران کی طرف سے کبڈی میچ کا انعقاد کیا گیا جس میں مجمد افضال وڑائچ کو مہمان خصوصی نے کبڈی میچ کا انعقاد کروانے پر بگا برادران مختار احمد وڑائچ مجمد افضال وڑائچ کو خراج تحسین پیش کیا۔ میچ کے اختتام پر مہمانان خصوصی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔

## مین لائین گورالی پھاٹک سے چک علی شیر تک کی پندرہ پول سے تاریں چوری

وزیر آباد (نامہ نگار) وزیر آباد سے خانکی بیراج کو بجلی کی سپلائی دینے والی مین لائین گورالی پھاٹک سے چک علی شیر تک کی پندرہ پول سے تاریں چوری نامعلوم چور بڑی کلی سے اپنا کام کرتے رہے عوام کا کہنا ہے جہاں سرکاری املاک محفوظ نہیں وہاں عام لوگوں کا کیا حال ہو گا ہمارے علاقہ کو افریقہ بنایا گیا ہے جہاں جس کی مرضی ہوتی ہے غریب عوام کو لوٹ لیا جاتا ہے خانکی بیراج کے علاقہ میں سرکاری املاک سے چوریاں کرنے والا گروہ سرعام دندناتا پھر رہا ہے اہل علاقہ کا پولیس انتظامیہ سے مطالبہ ہے کہ علاقہ میں ایک گرینڈ آپریشن کیا جائے جس میں غیر قانونی فروش چور ڈکیت اور ناجائز فروش گرفتار کر کے قانون کی گرفت میں لایا جائے۔

## نابالغ بچے سے بھیک منگوانے پر والد کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نابالغ بچے سے بھیک منگوانے پر والد کیخلاف مقدمہ درج چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر آفیسر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کچہری روڈ ڈسکہ میں چھاپہ مارا تو نابالغ بچہ گشن بھیک مانگ رہا تھا جس کو چائلڈ پروٹیکشن والوں نے پکڑا تو اس نے بتایا کہ یہ کام اس کا والد سرجن لعل اس سے کرواتا ہے پولیس نے بچے کے والد کیخلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

## پابندی کے باوجود پتنگیں فروخت کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پابندی کے باوجود پتنگیں فروخت کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ لاری اڈا ڈسکہ میں ملزم سکندر پابندی کے باوجود پتنگیں فروخت کر رہا ہے پولیس نے چھاپہ مار کر ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے

## ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے چائلڈ لیبر اور بانڈڈ لیبر کے خاتمہ کے لیے انسپیکشنز کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے چائلڈ لیبر اور بانڈڈ لیبر کے خاتمہ کے لیے انسپیکشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے، مزدوروں کے لیے سوشل سیکیورٹی کارڈز کے اجراء کی راہ میں رکاوٹوں کو دور کیا جائے اور مزدوروں کو کم سے کم اجرت کے قوانین کے نفاذ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ و سیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیں، اجلاس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر نصیر عباس سمیت متعلقہ اداروں کے افسران اور کمیٹی کے دیگر ممبران بھی موجود تھے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر نصیر عباس نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چائلڈ لیبر کے خلاف انسپکشنز کے دوران 12 ایف آئی آرز مجموعہ مالکان کے خلاف کروائی گئی ہیں اور 2 مقدمات کا اندراج دکانوں کے مالکان کے خلاف کروایا گیا ہے جبکہ بانڈڈ لیبر کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق چائلڈ لیبر اور بانڈڈ لیبر کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے جائیں۔

## تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھین لیا موضع لودھی کا آصف اپنی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو تین مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی چھبیس ہزار مالیت موروپے موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

## جھنگ: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

### پولیس نے ملزمان سے ایک کروڑ 70 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد کر لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر جھنگ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ 1 کروڑ 70 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد۔ اسٹی وٹیکل لفٹنگ سٹاف نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بین الاضلاعی گینگز کے 12 ملزمان کو گرفتار کر کے 1 کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا۔ گرفتار ملزمان سے 47 عدد موٹر سائیکل مالیتی 80 لاکھ روپے جبکہ 55 موبائل مالیتی 40 لاکھ روپے برآمد کیے گئے ہیں۔ ملزمان چنیوٹ، بھکر اور جھنگ کے علاقوں میں شہریوں کو لوٹنے کی وارداتیں کرتے تھے۔ پولیس تھانہ موچی والا کے ایس ایچ او عنصر عباس سیرا اور انچارج چوکی مراد والا ہنگامہ محمد یونس حسناء نے کاروائی کے دوران الطاف عرف طافو گینگ کو گرفتار کر کے ملزمان سے 50 لاکھ روپے مالیت کے مال مویشی، موٹر سائیکل، جیولری اور نقدی برآمد کر لی۔ ڈی پی او نے برآمد ہونے والا مال مسروقہ پریس کانفرنس میں متاثرہ شہریوں کے حوالے کیا۔ پولیس افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ رواں سال جرائم میں نمایاں کمی پولیس کی محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس ہمہ وقت کوشاں اور الرٹ ہے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ رواں سال جھنگ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی عمل میں لاتے ہوئے 83 چور و ڈکیت گینگز کے 237 ممبران کو گرفتار کیا ہے۔ 894 مختلف فروش 816 ناجائز اسلحہ برداں 1337 اشتہاری مجرمان جبکہ 593 عدالتی مفروران کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی ہے۔ رواں سال 25 کروڑ روپے کا مال مسروقہ برآمد کر کے شہریوں کے حوالے کیا گیا ہے۔ سیف کیش ڈیلیوری پروجیکٹ کے تحت پولیس اسکواڈز نے شہریوں کے 50 کروڑ روپے باحفاظت منتقل کیے ہیں۔ ڈی پی او نے مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران میں تعریفی سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے۔ فوری دادرسی پر شہریوں نے جھنگ پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ڈی پی او کا شکریہ ادا کیا۔

## چنیوٹ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن

### گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 5 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت چنیوٹ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی ہدایت پر لوگوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ بھوانہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ڈکیت گینگ کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 5 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے واردتوں میں زیر استعمال ناجائز اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ گرفتار ڈکیت گینگ ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں اور تھانہ بھوانہ پولیس کو 8 مقدمات میں مطلوب تھے۔ گرفتار ملزمان میں نور اکبر، بھائی خان شامل ہیں۔ ایس ایچ او تھانہ بھوانہ انسپکٹر ساجد محمود سب انسپکٹر محمد صفدر نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کی۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دیں۔

## صعوبتوں کے باوجود، عمران خان کا عزم متزلزل نہیں ہوا، ریحانہ امتیاز ڈار

### آج بھی کہہ رہا ہے مدد صرف اللہ سے مانگتے ہیں، رہنما پاکستان تحریک انصاف

سیالکوٹ (پاکستان تحریک انصاف رہنما ونکٹ ہولڈر این اے 71، ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ عمران خان کی صورت میں قوم کو ایسا لیڈر میسر آیا ہے جو حقیقی معنوں میں ان کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے طویل عرصے سے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنے کے باوجود عمران خان کا عزم متزلزل نہیں ہوا بلکہ وہ ہمارا حوصلہ بڑھا رہے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف رہنما ونکٹ ہولڈر این اے 71، ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا کہ کل تک جو کہتا تھا امریکہ ہمارا وینٹی لیٹر ہے ساری تاریں

روزنامہ ”قوت“ لاہور (7) 28 دسمبر 2024

”قوت“ کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

اشتہارات ٹیکہ نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور پڑھنے میں صرف ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

تجویز

1 تجارتیں

وقائع کریں۔ جمعہ کو وقائی کمیٹیاد کے اجلاس سے خطاب کریں گے۔ جمعہ کو وقائی کمیٹیاد کے اجلاس افغانستان خارا صاسلیہ اور ہرات ملک سے جس کے وفد نے شرکت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ افغانستان ہمارا صاسلیہ اور ہرات ملک سے ہے جس کے ساتھ تجارت بہت زیادہ ہے۔ صحافی اتحاد، تجارت کو فروغ اور تعاون کو بہتر بنانے کے لئے ہم نے کوشش کی ہے۔ ہم نے ایف آئی اے، کسٹم حکام کے ساتھ مل کر ہزاروں گاڑیوں کو بغیر کسٹم ڈیوٹی کے پاکستان لانے کا انتظام کیا۔ ہم نے ایک ہی دن بھاری ڈیوٹی پر 2 ہزار گاڑیوں کو

# شادی سے قبل تھیلیسیمیا کی اسکریننگ انتہائی اہم ہو چکی ہے، وزیر صحت

## پرائمری سے ہائر ایجوکیشن تک نصاب کے ذریعے تھیلیسیمیا سے متعلق آگاہی دینا چاہتے ہیں

بچوں میں پرائمری سے ہائر ایجوکیشن تک نصاب کے ذریعے تھیلیسیمیا سے بیماری سے متعلق آگاہی دینا چاہتے ہیں، محکمہ ہائر ایجوکیشن میں اہم اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ ہائر ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری محکمہ ہائر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ایجوکیشن محمد شہباز ڈائریکٹر ہیلتھ کنیز ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ سکول ایجوکیشن ڈاکٹر محمد وسیم، ایڈیشنل ڈائریکٹر ہیلتھ ایجوکیشن ڈاکٹر یاسمین احسان اور برادر اسٹی ٹیوٹ آف بلڈ ٹرانسفیوژن سرمد پروفیسر شمیم بشیر نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ تھیلیسیمیا پر کئی سیمینارز منعقد کیے گئے ہیں اور ہر اسٹی ٹیوٹ میں تھیلیسیمیا سے متعلق آگاہی کے لیے سیمینارز کا انعقاد کیا گیا ہے۔ ایجوکیشن ڈیٹا میں بھی تھیلیسیمیا پر کئی ماڈیولز شامل کیے گئے ہیں۔ ڈاکٹر یاسمین احسان نے بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تھیلیسیمیا سے متعلق آگاہی کے لیے پنجاب ایجوکیشن ورکرز ویلفیئر فاؤنڈیشن سرمد پروفیسر شمیم بشیر نے شرکت کی۔


صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ ہائر ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## وبائی امراض کی علاتے کی حد تک محدود نہیں رہنے بلکہ پوری دنیا کو متاثر کرتے ہیں، مریم نواز شریف

وبائی امراض سے بچاؤ کو اپنانے کے لیے ہر ممکنہ ضروری اقدامات کرنا ہوں گے، وبائی امراض سے بچاؤ کی تیاری کو اپنی ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا، وبائی امراض سے نمٹنے کے لیے ہر ضلع میں ایمرجنسی سروس قائم کریں گے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ وبائی امراض کے علاتے تک محدود نہیں رہتے بلکہ پوری دنیا کو متاثر کرتے ہیں، وبائی امراض سے بچاؤ کی تیاری کے عالمی دن پر پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ وبائی امراض سے بچاؤ اور ان پر قابو پانے کے لیے ہر ہر تیار رہنا ضروری ہے۔ حکومت پنجاب شعبہ صحت کی کوششیں ہر بلاک، ہر تحصیل اور ہر ضلع میں ہیں، سب سے زیادہ پروگرام کیا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ شعری صحت سے متعلق دعوے اور وعدوں کو تجسیم کی جائے۔

## امجد پرویز نے لاہور ہائیکورٹ کا جج بننے سے معذرت کر لی

### معروف قانونی ماہر امجد پرویز نے رجسٹرار آفس کو آگاہ کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں ججز کی تقرری کے معاملے میں معروف قانونی ماہر امجد پرویز نے میڈیا رپورٹس کے مطابق امجد پرویز نے رجسٹرار آفس کو آگاہ کیا کہ وہ کابینہ میں معروفیت کی وجہ سے جج بننے سے معذرت کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ امجد پرویز ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے نیب مقدمات کے حوالے سے ماہر قانون دان ہونے کے ناطے سے اپنا ایک مقام رکھتے ہیں۔ کچھ عرصہ سے شریف فیملی اور (ن) لیگ کے عدالتوں میں زیر سماعت نیب مقدمات کی پیروی کر رہے ہیں۔

## نواز شریف کے پوتے زید حسین کی تلاوت کلام پاک کی ویڈیو ٹویٹ کر دی

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کے پوتے حافظ زید حسین نواز کی قرآن پاک کی تلاوت کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی جس پر صارفین نے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حسین نواز کے صاحبزادے زید حسین نواز نے تلاوت کلام پاک کرتے ہوئے ویڈیو ٹیپ کی ہے، ویڈیو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر شیئر کی گئی۔ ویڈیو میں انہیں خوبصورت آواز میں سورۃ الرحمٰن کی تلاوت کرتے ہوئے سنا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ زید حسین نواز اپنی دلہنیا کو لینے کے لیے پہلی اسرائیل بارات لے کر شمال ناؤن روانہ ہوں گے۔

## دور قرباتی تیکموں کیلئے ایک ارب 10 لاکھ روپے کے فنڈز کی منظوری

### چیف منسٹر پروگرام برائے فروغ برآمدات، بین الاقوامی تجارت کیلئے ایک ارب کی منظوری دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب چائنا ایڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2024- 25 کے 56 صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں دور قرباتی تیکموں کے لیے مجموعی طور پر ایک ارب 10 لاکھ روپے کے فنڈز کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین بورڈ و ایڈیشنل چیف سیکرٹری محمد عثمان بزدار نے کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر قصور، ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ، ڈپٹی کمشنر حافظ آباد، ڈپٹی کمشنر منڈی بہاؤالدین، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ، ڈپٹی کمشنر گجرات، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ، ڈپٹی کمشنر نارووال، ڈپٹی کمشنر ناؤن، ڈپٹی کمشنر چنیوٹ، ڈپٹی کمشنر جھنگ، ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ، ڈپٹی کمشنر فیصل آباد، ڈپٹی کمشنر ساہیوال، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ، ڈپٹی کمشنر پاکپتن، ڈپٹی کمشنر وہاڑی، ڈپٹی کمشنر بہاولنگر، ڈپٹی کمشنر بہاولپور، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان، ڈپٹی کمشنر لودھراں، ڈپٹی کمشنر ملتان، ڈپٹی کمشنر خانیوال، ڈپٹی کمشنر لیہ، ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ، ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان، ڈپٹی کمشنر راجن پور، ڈپٹی کمشنر بھکر، ڈپٹی کمشنر میانوالی، ڈپٹی کمشنر جھنگ، ڈپٹی کمشنر سرگودھا، ڈپٹی کمشنر خوشاب، ڈپٹی کمشنر بھکر، ڈپٹی کمشنر میانوالی